Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 جمعرات، 25 مئی 2023ء، 04 ذیقعد 1444ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 40

کل عدالت نے کہا تھا الیکشن کمیشن کے اٹھائے گئے نکات پہلے کیوں نہیں اٹھائے تھے، دوسرا نکتہ تھا وفاقی حکومت پہلے چار تین کے چکر میں پڑی رہی، اٹارنی جنرل

انتخابات نظرثانی کیس، ماضی کو حکومت کیخلاف استعمال نہیں کریں گے، چیف جسٹس

حکومت کی نہیں، اللہ کی رضا کے لیے بیٹھے ہیں، بہت سی قربانیاں دے کر یہاں بیٹھے ہیں، آپ اپنے ساتھیوں سے کہیں کہ ہمارے دروازے پر ایسی باتیں نہ کریں، چیف جسٹس

سپریم کورٹ میں پنجاب انتخابات پر الیکشن کمیشن کی نظرثانی درخواست پر چیف جسٹس آف پاکستان عمر عطا بندیال کی سربراہی میں جسٹس اعجاز الاحسن اور جسٹس منیب اختر پر مشتمل 3 رکنی بینچ نے سماعت کی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) چیف جسٹس آف پاکستان نے پنجاب الیکشن سے متعلق نظرثانی درخواست پر سماعت کے دوران ریمارکس دیے ہیں کہ ماضی کو حکومت کے خلاف استعمال نہیں کریں گے، ہم اللہ کے لیے کام کرتے ہیں اس لیے چپ بیٹھے ہیں۔ سپریم کورٹ میں پنجاب انتخابات پر الیکشن کمیشن کی نظرثانی درخواست پر چیف جسٹس آف پاکستان عمر عطا بندیال کی سربراہی میں جسٹس اعجاز الاحسن اور جسٹس منیب اختر پر مشتمل 3 رکنی بینچ نے سماعت کی۔ سماعت کے آغاز میں اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان روسٹرم پر آ گئے اور کہا کہ الیکشن کمیشن کے وکیل دلائل شروع کریں لیکن میں کچھ کہنا چاہتا ہوں۔ سماعت کے آغاز پر اٹارنی جنرل نے کہا کہ کل عدالت نے کہا تھا الیکشن کمیشن کے اٹھائے گئے نکات پہلے کیوں نہیں اٹھائے تھے، دوسرا نکتہ تھا وفاقی حکومت پہلے چار تین کے چکر میں پڑی رہی، ایک صوبے میں انتخابات ہوں تو قومی اسمبلی کا الیکشن متاثر ہونے کا نکتہ اٹھایا گیا تھا، اپنے جواب میں 4/3 کے فیصلہ ہونے کا ذکر بھی کیا تھا۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ آپ کو گھبرانا نہیں چاہیے، عدالت آپ کی سماعت کے لیے بیٹھی ہے، کوئی معقول نکتہ اٹھایا گیا تو جائزہ لے کر فیصلہ بھی کریں گے، عدالت میں نکتہ اٹھایا گیا لیکن اس پر بحث نہیں کی گئی، کل نظرثانی کے دائرہ اختیار پر بات ہوئی تھی۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے کہا کہ حکومت کی نہیں، اللہ کی رضا کے لیے بیٹھے ہیں (بقیہ نمبر 1)

14 اگست 2023 کو نئے الیکشن کا اعلان کیا جائے، سراج الحق

سراج الحق کا کہنا تھا کہ جماعت اسلامی کے کسی لیڈر کا نام توشہ خانہ اور پاناما میں نہیں، ملک میں کرپشن فری جماعت اسلامی ہے

پشاور (نامہ نگار) امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق نے کہا ہے کہ اسٹیبلشمنٹ پر حیرانی ہے ماضی سے کچھ نہیں سیکھا پشاور میں جماعت اسلامی کے انتخابی کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے سراج الحق نے کہا کہ حکمرانوں نے ماضی سے کچھ نہ سیکھا، ملک اداروں (بقیہ نمبر 4)

عمران خان کو جو ریلیف ملے اس کے مقاصد سامنے آ رہے ہیں، شرجیل میمن

عدلیہ کو سفارش نہیں سننی چاہیے، قانون اور آئین کے دائرے میں چلیں، قانون و آئین کے مطابق فیصلے دیں ہم دل سے عزت کریں گے

کراچی (خبرنگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما شرجیل میمن نے کہا ہے کہ عمران خان کو عدالتوں سے جو ریلیف ملے اس کے مقاصد سامنے آ رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رہنما پیپلز پارٹی شرجیل میمن نے کہا کہ آپ کے کیسز کی تفصیل سامنے آئے گی تو لوگوں (بقیہ نمبر 3)

تحریک انصاف پر پابندی لگانے کا جائزہ لے رہے ہیں، خواجہ آصف

9 مئی کے واقعات میں ملوث شرپسندوں کے گھناؤنے مقاصد تھے، ان حملوں سے پہلے منصوبہ بندی کی گئی تھی

اسلام آباد (خصوصی خبرنگار) مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما اور وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) پر پابندی کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ن لیگی رہنما خواجہ آصف نے کہا کہ 9 مئی کے واقعات میں (بقیہ نمبر 2)

چاہے میں بھی سفارش کروں کسی گناہ گار کو چھوڑا نہیں جائے گا اور کسی بے گناہ کو سزا نہیں دی جائے گی۔ شہدا ہمارے ہیرو ہیں اور ان کی تکریم پر کوئی آنچ نہیں آنے دی جائے گی

9 مئی کا ماسٹر مائنڈ عمران خان ہے
خود کو بری الذمہ نہیں کرسکتا، شہباز شریف

انہوں نے کہا کہ کوئی سیاسی جماعت کیا ایسا کرسکتی ہے کہ گرفتاری کی صورت میں ریاست پر حملہ کردے، جب یہ حکومت میں آیا تو اس نے پوری اپوزیشن کو جیلوں میں ڈال دیا ہم نے کوئی گڑبڑ نہیں کی

فخر محسوس ہو رہا ہے کہ کیونکہ آج ہم شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے اکٹھے ہوئے ہیں، یہ وہ شہدا ہیں جنہوں نے پاکستان کی مٹی اور اس وطن کے دفاع کے لئے اپنے جانوں کا نذرانہ پیش کیا

وزیراعظم نے کہا کہ عمران خان جس دن گرفتار ہوتا ہے جلاؤ گھیراؤ اور دفاعی و فوجی تنصیبات پر اس کے شرپسند حملہ آور ہوتے ہیں جن کو قانون کے کٹہرے میں لایا جارہا ہے ان کے لئے کوئی معافی نہیں

اسلام آباد (نامہ نگار) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کے شرپسندوں نے 9 مئی کو ریڈ لائن کراس کی ان کے لئے کوئی معافی نہیں۔ جناح کنونشن سینٹر میں تحفظ شہدا کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ چاہے میں بھی سفارش کروں کسی گناہ گار کو چھوڑا نہیں جائے گا اور کسی بے گناہ کو سزا نہیں دی جائے گی۔ شہدا ہمارے ہیرو ہیں اور ان کی تکریم پر کوئی آنچ نہیں آنے دی جائے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ انہیں اس کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے فخر محسوس ہو رہا (بقیہ نمبر 5)

دتہ خیل میں خودکش حملہ، 2 فوجی جوانوں سمیت 4 افراد شہید

انٹر سروسز پبلک ریلیشنز' آئی ایس پی آر، کا کہنا ہے کہ خودکش حملہ آور نے اپنی گاڑی سکیورٹی اہلکاروں کے پاس اڑا دی

ہمارے بہادر فوجیوں اور معصوم شہریوں کی ایسی قربانیاں دہشت گردی کے خلاف ہمارے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق شمالی وزیرستان کے علاقہ دتہ خیل میں خودکش حملہ کے دوران پاک فوج کے دو جوانوں سمیت 4 افراد شہید ہوگئے۔ انٹر سروسز پبلک ریلیشنز) آئی ایس پی آر (کا کہنا ہے کہ خودکش حملہ آور نے اپنی گاڑی سکیورٹی اہلکاروں (بقیہ نمبر 9)

راولپنڈی: دتہ خیل میں خودکش حملہ، 2 فوجی جوانوں سمیت 4 افراد شہید

پی ٹی آئی کو بڑا دھچکا، سابقہ ایم این اے عثمان ترکئی پیپلز پارٹی میں شامل

مسلسل 3 مرتبہ ایم این اے رہنے والے عثمان ترکئی 2018 میں پی ٹی آئی میں شامل ہوئے تھے

صوابی (آصف یعقوبی سے) ضلع صوابی کے معروف سیاسی خاندان ترکئی فیملی کے سربراہ اور ضلع صوابی کی تاریخ میں سب سے زیادہ عرصہ ایم این اے رہنے والے عثمان خان ترکئی نے (بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد: 9 مئی کے واقعات پر مذمتی قرارداد سینیٹ سیکرٹریٹ میں جمع کروادی گئی

چیف آف دی نیول اسٹاف کا ضلع سانگھڑ میں ہائی اسکول کا افتتاح

سانگھڑ میں گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول کے ایڈمن اور سیکنڈری بلاک کی افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا

چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی تقریب کے مہمان خصوصی تھے، وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے ان کا استقبال کیا

کراچی (نمائندہ عوامی للکار) سانگھڑ میں گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول کے ایڈمن اور سیکنڈری بلاک کی افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ مہمان خصوصی کی آمد پر وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے ان کا استقبال کیا۔ اس موقع پر وزیر تعلیم سندھ بھی موجود تھے۔ اسکول کے افتتاح کا مقصد مقامی طلباء کو معیاری تعلیم فراہم کرنا ہے۔ خطاب کے دوران نیول چیف نے کہا کہ یہ ان کے لیے ایک قابل فخر موقع ہے کہ وہ اس اسکول کا افتتاح کر رہے ہیں جہاں انہوں نے زمانہ طالب علمی کے یادگار لمحات گزارے ہیں۔ نیول چیف نے اپنے اساتذہ کو بھی خراج تحسین پیش کیا جنہوں نے انہیں زندگی کے عظیم اصول سکھائے اور ان کی قائدانہ صلاحیتوں کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ قومی ترقی (بقیہ نمبر 11)

کراچی: تقریب میں ممبران قومی وصوبائی اسمبلی، سیکریٹری ایجوکیشن، سول وملٹری حکام، اساتذہ اور طلباء کی بڑی تعداد نے شرکت کی

پی ٹی آئی کے ایک اور سابق رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر حیدر علی کا پارٹی چھوڑنے کا فیصلہ

سوات (جنرل رپورٹر) سوات سے پاکستان تحریک انصاف کے سابق ایم این اے ڈاکٹر حیدر علی نے پی ٹی آئی چھوڑنے کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق ڈاکٹر حیدر علی آئندہ چوبیس گھنٹوں میں پی ٹی آئی چھوڑنے کا اعلان کریں گے۔ واضح رہے کہ 9 مئی کے پرتشدد واقعات کے بعد (بقیہ نمبر 16)

اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان کا جربیول، میں پٹرول پمپس کا وزٹ

ناپ تول پیمانے میں کمی پر پی ایس او پمپ حبیب چوک کو 25 ہزار جرمانہ

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر میاں مراد حسین نیکوکارہ نے ڈپٹی کمشنر راولپنڈی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے بیول، جبر میں مختلف پیٹرول پمپس کا وزٹ کیا (بقیہ نمبر 17)

مزید مہنگی بجلی برداشت نہیں کرسکتے، وزیر مملکت برائے پٹرولیم

روس سے خام تیل کا جہاز 27-28 مئی کو عمان پہنچ رہا ہے، وزیر مملکت برائے پٹرولیم مصدق ملک کی گفتگو

پاکستان نے نئی گرین فیلڈ آئل ریفائننگ پالیسی کی منظوری دے دی ہے جس سے ملک میں سرمایہ کاری آئے گی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) وزیر مملکت برائے پٹرولیم مصدق ملک کا کہنا ہے کہ مزید مہنگی بجلی برداشت نہیں کرسکتے۔ ملک میں فرنس آئل کی کھپت ختم ہورہی ہے۔ انہوں نے اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ملکی تیل کی ضروریات کا تقریباً 50 فیصد مقامی ریفائنریز فراہم کرتی ہیں (بقیہ نمبر 18)

9 مئی کے واقعات: حماد اظہر نے حکومتی الزامات کی تردید کردی

میں نے صرف ٹوئٹر کے ذریعے لبرٹی چوک پر احتجاج کی کال دی تھی، حماد اظہر

لاہور (جنرل رپورٹر) حکومت نے 9 مئی کے جلاؤ گھیراؤ اور توڑ پھوڑ کے معاملے پر جیوفینسنگ کے ذریعے پی ٹی آئی قیادت کے ملوث ہونے اور سنگین روابط کا الزام عائد کیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں پی ٹی آئی رہنما حماد اظہر نے حکومت کے لگائے الزامات کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ یہ سب جھوٹ کا پلندہ ہے، ثابت کریں کہ 9 مئی یا اس سے پہلے کسی ایک شخص کو بھی میں نے کال کی ہو۔ انہوں نے کہا کہ میں نے صرف ٹوئٹر کے ذریعے لبرٹی چوک پر احتجاج کی کال دی تھی (بقیہ نمبر 19)

جناح ہاؤس حملے میں گرفتار خدیجہ شاہ کی قیدیوں کی وین میں حالت غیر ہوگئی

دمہ کی مریضہ ہوں، شدید گرمی ہے، سانس لینے میں مشکل ہورہی ہے۔ خدیجہ شاہ کی گفتگو

لاہور (اسپیشل رپورٹر) جناح ہاؤس میں توڑ پھوڑ اور جلاؤ گھیراؤ کے کیس میں مطلوب پاکستان تحریک انصاف کی سپورٹر خدیجہ شاہ کو گذشتہ روز گرفتار کرلیا گیا تھا۔ پولیس کے مطابق خدیجہ شاہ سابق وزیر خزانہ سلمان شاہ کی صاحبزادی ہیں۔ پولیس کے مطابق خدیجہ شاہ جناح ہاؤس میں توڑ پھوڑ اور جلاؤ گھیراؤ کے کیس میں مطلوب تھیں۔ خدیجہ شاہ امریکی شہری ہیں اور انہوں نے کئی آڈیو پیغامات چھوڑے تھے جن میں انہوں نے کہا کہ وہ بے قصور ہیں۔ آج خدیجہ شاہ کو انسداد دہشت گردی عدالت (بقیہ نمبر 26)

ELECTION COMMISSION OF PAKISTAN
الیکشن کمیشن آف پاکستان
کراچی: سندھ میں میئر، ڈپٹی میئر، چیئرمین ووائس چیئرمین انتخابات کا شیڈول جاری

زمان پارک سے تجاوزات ختم کئے جانے کے بعد گرین بیلٹ پر پودے لگانے کا سلسلہ زور وشور سے جاری

لاہور (خصوصی رپورٹر) زمان پارک سے تجاوزات ختم کئے جانے جانے کے بعد پی ایچ اے کی جانب سے گرین بیلٹ پر پودے لگانے کا سلسلہ زور و شور سے جاری ہے۔ بتایا گیا ہے (بقیہ نمبر 20)

رمضان المبارک میں مفت تقسیم ہونے والا کروڑوں روپے مالیت کا آٹا غائب ہوگیا

لاہور (جنرل رپورٹر) رمضان المبارک میں مفت تقسیم ہونے والا کروڑوں روپے مالیت کا آٹا غائب ہوگیا جس پر ضلعی انتظامیہ اور ریونیو افسران و ملازمین نے سر جوڑ لیے، ڈپٹی کمشنر لاہور نے معاملے کا فوری ایکشن لیتے ہوئے ایڈیشنل کمشنر (بقیہ نمبر 25)

فیصل آباد، میٹرک پاس طلبا و طالبات دو سال کا عرصہ گزرنے کے باوجود اسناد سے محروم

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) میٹرک پاس طلبا و طالبات دو سال کا عرصہ گزرنے کے باوجود اسناد سے محروم، اسناد کے حصول کیلئے مزید 6 ہزار جمع کروائے غریب طلبا و طالبات خوار، تفصیلات (بقیہ نمبر 27)

جہانگیر ترین سیاسی میدان میں متحرک، لاہور میں سیاسی دفتر قائم کرلیا

پی ٹی آئی کے بعض رہنماؤں کی ملاقاتیں تحریک انصاف میں فارورڈ بلاک بنانے کی تجویز پر بھی غور

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) سینئر سیاستدان جہانگیر خان ترین سیاسی میدان میں بھرپور طریقے سے متحرک ہو چکے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق جہانگیر ترین نے لاہور میں اپنا سیاسی دفتر بھی قائم کرلیا ہے۔ جہانگیر ترین سے پی ٹی آئی کے بعض رہنماؤں کی ملاقاتیں ہوئی ہیں۔ ایک ہفتے میں جہانگیر ترین سے 20 سے زائد شخصیات کی ملاقات ہوئی۔ تحریک انصاف میں فارورڈ بلاک بنانے کی تجویز پر بھی غور کیا گیا۔ دوسری جانب سینئر صحافی ہارون الرشید نے دعویٰ کیا ہے کہ جہانگیر ترین وزیراعظم بننے کے امیدوار ہیں۔ انہوں نے سنو نیوز کے پروگرام میں تجزیہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ جہانگیر ترین اب (بقیہ نمبر 15)

عدالت نے خدیجہ شاہ کو شناخت پریڈ کے لیے پولیس کے حوالے کردیا

انسداد دہشتگردی عدالت کا شناخت پریڈ مکمل کرکے خدیجہ شاہ کو دوبارہ 30 مئی کو پیش کرنے کا حکم

لاہور (جنرل رپورٹر) جناح ہاؤس میں توڑ پھوڑ اور جلاؤ گھیراؤ کے کیس میں مطلوب پاکستان تحریک انصاف کی سپورٹر خدیجہ شاہ کو گذشتہ روز گرفتار کرلیا گیا تھا۔ پولیس کے مطابق خدیجہ شاہ سابق وزیر خزانہ سلمان شاہ کی صاحبزادی ہیں۔ پولیس کے مطابق خدیجہ شاہ جناح ہاؤس میں توڑ پھوڑ اور جلاؤ گھیراؤ کے کیس میں مطلوب تھیں۔ خدیجہ شاہ امریکی شہری ہیں اور انہوں نے کئی آڈیو پیغامات (بقیہ نمبر 21)

سابق رکن صوبائی اسمبلی نادیہ شیر کا پی ٹی آئی چھوڑنے کا اعلان

مزید اس شرپسند جتھے کا حصہ نہیں بن سکتی، پی ٹی آئی سے مستعفی ہورہی ہوں

نادیہ شیر نے مزید کہا کہ سیاسی جماعت میں مسائل ہوتے ہیں لیکن ان کی حد ہوتی ہے

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی سابق رکن خیبر پختونخوا اسمبلی نادیہ شیر نے پارٹی چھوڑنے کا اعلان کردیا۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کے دوران نادیہ شیر نے کہا کہ مزید اس شرپسند جتھے کا حصہ نہیں بن سکتی، پی ٹی آئی سے مستعفی ہو رہی ہوں، اب اس پارٹی (بقیہ نمبر 24)

پی ٹی آئی رہنماء ملک قیوم حسام کا پارٹی چھوڑنے کا اعلان

ملک قیوم حسام نے آزاد حیثیت سے علی امین گنڈاپور کیخلاف الیکشن لڑنے کا اعلان کردیا

ہر پارٹی نے جیلیں کاٹیں، مشکلات برداشت کیں لیکن ایسا پاکستان کی تاریخ میں نہیں ہو

ڈیرہ اسماعیل خان (اسپیشل رپورٹر) ڈیرہ اسماعیل خان سے پی ٹی آئی کے سابق ایم پی اے ملک قیوم حسام نے پارٹی چھوڑنے کا اعلان کر دیا۔ ملک قیوم حسام نے آزاد حیثیت سے علی امین گنڈاپور کے خلاف الیکشن لڑنے کا اعلان کیا ہے۔ ملک قیوم حسام نے کہا ہے کہ میں پرامن بندہ ہوں۔ ہمیشہ سے پرامن الیکشن لڑتا آیا ہوں، آگے بھی پرامن رہنا چاہتا ہوں انہوں نے مزید کہا کہ 9 مئی کے واقعات کی پرزور مذمت کرتا ہوں۔ ہر پارٹی نے جیلیں کاٹیں، مشکلات برداشت کیں لیکن ایسا پاکستان (بقیہ نمبر 28)


اسلام آباد: شرپسندوں کیخلاف سخت قوانین کے تحت کارروائی کرینگے: شہباز شریف

پی ٹی آئی کی خاتون رکن قومی اسمبلی بیرون ملک روانگی کے عین وقت گرفتار

کراچی (جنرل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کی سابق رکن قومی اسمبلی صائمہ ایوب کو بیرون ملک روانگی کے وقت وفاقی تحقیقاتی ایجنسی سے جہاز سے آف لوڈ کیا جس کے بعد انہیں (بقیہ نمبر 6)

اپسما کی افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی ریلی

کل یوم تکریم شہدا جوش وخروش اور ملی جذبے کے ساتھ منایا جائے گا

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) شہدا ہمارا فخر ہیں ملک بھر کے نجی تعلیمی اداروں میں کل یوم تکریم شہدا جوش وخروش اور ملی جذبے کے ساتھ منایا جائے گا۔ سکولز اسمبلی میں شہدا کے ایصال ثواب کے لئے قرآن خوانی اور دعاؤں کا خصوصی اہتمام کیا جائے گا۔ عوام اپنی بہادر افواج سے والہانہ محبت کرتے ہیں (بقیہ نمبر 7)

لاہور ہائیکورٹ نے NA/108 اور این اے 118 میں ضمنی انتخابات روک دیے

لاہور ہائیکورٹ نے سیکرٹری الیکشن کمیشن، سیکرٹری کیبنٹ اور قومی اسمبلی کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا

لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے پی ٹی آئی رہنماں فرخ حبیب اور اعجاز شاہ کی درخواست پر محفوظ فیصلہ سنا دیا

لاہور (نامہ نگار) لاہور ہائیکورٹ نے فیصل آباد اور ننکانہ صاحب کے حلقوں میں ضمنی انتخابات روکنے کی استدعا منظور کرلی ہے۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے پی ٹی آئی رہنماں فرخ حبیب اور اعجاز شاہ کی درخواست پر محفوظ فیصلہ سنا دیا، عدالت نے این اے 108 اور این اے 118 (بقیہ نمبر 8)

توڑ پھوڑ کی بنیاد پر سزا ہو سکتی ہے، کسی سیاسی جماعت پر پابندی نہیں لگ سکتی، بیرسٹر علی ظفر

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) بیرسٹر علی ظفر کا کہنا ہے کہ توڑ پھوڑ کی وجہ سے سزا ہو سکتی ہے، کسی سیاسی جماعت پر پابندی نہیں لگ سکتی۔ تفصیلات کے مطابق پی ٹی آئی سینیٹر بیرسٹر علی ظفر نے سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ نگران حکومتیں جو بھی اقدامات کر رہی ہیں وہ بھی غیر قانونی ہیں، آئین پر عملدرآمد نہ ہونے کی وجہ سے الیکشن نہیں ہو رہا۔ پاکستان کی 50 فیصد آبادی (بقیہ نمبر 12)

گوجرخان بار کے، سپیشلسٹ 302 عامر شفیق قریشی کامیابیوں کے سفر پر گامزن

ہائی کورٹ کا ملزم کے وکیل کے مدلل دلائل سے اتفاق ملزم باعزت بری

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق گوجرخان بار ایسوسی ایشن کے سینئر قانون دان عامر شفیق قریشی کامیابیوں کے سفر پر گامزن تھانہ مندرہ کے مشہور مقدمہ قتل کا فیصلہ ملزم (بقیہ نمبر 13)

گوجرخان بار کے ایڈووکیٹس رانا منیر شمس اور راجہ عدیل حیدر بھٹی کی اہم کامیابی

معزز عدالت نے وکلا کے ٹھوس مدلل دلائل سے اتفاق کرتے ہوئے استغاثہ میں نامزد ملزمان کو بری کردیا

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق گوجرخان بار ایسوسی ایشن گوجرخان کے وکلا اسد نوید بھٹی، رانا منیر شمس اور راجہ عدیل حیدر بھٹی کی اہم کامیابی استغاثہ 3/4 غیر قانونی قبضہ ایکٹ 2005 میں نامزد ملزمان باعزت بری استغاثہ حکیم خان نظامی برخلاف اسد محمود وغیرہ اور دیگر (بقیہ نمبر 14)

پاک فضائیہ کا 1965 کی جنگ کے ہیرو سکواڈرن لیڈر منیرالدین احمد شہید کو خراج عقیدت

پاک فضائیہ کے شعبہ تعلقات عامہ نے 1965 کی جنگ کے ہیرو کی یاد میں ایک خصوصی پرومو جاری کیا ہے، ترجمان پاک فضائیہ

ایک گراؤنڈ اٹیک مشن کے دوران بہادری سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کیا جب انکا طیارہ دشمن کی طیارہ شکن توپوں کی زد میں آیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سکواڈرن لیڈر منیر الدین احمد) شہید (کی بہادری اور دلیری کو خراج عقیدت پیش کرنے اور انکے عظیم کارناموں کو اجاگر کرنے کی غرض سے پاک فضائیہ کے شعبہ تعلقات عامہ نے 1965 کی جنگ کے ہیرو کی یاد میں ایک خصوصی پرومو جاری کیا ہے۔ جنگ کے دوران سکواڈرن لیڈر منیر شہید نے کئی فضائی معرکوں میں حصہ لیا اور دشمن کے قیمتی اثاثوں کو شدید نقصان پہنچایا۔ 10 ستمبر، 1965 کو انہوں نے ہندوستانی علاقے میں اپنی فارمیشن کی قیادت کی اور بھارتی فضائیہ کے ایک نیٹ لڑاکا طیارے کو مار گرایا۔ 11 ستمبر 1965 کے دن انہوں نے ایک گراؤنڈ اٹیک مشن کے دوران بہادری سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کیا جب انکا طیارہ دشمن کی طیارہ شکن توپوں کی زد میں آیا۔ ان کی انتہائی پیشہ ورانہ مہارت اور بہادری کے اعتراف میں انہیں بعد از شہادت ستارہ جرات کے اعزاز سے نوازا گیا۔ (ترجمان پاک فضائیہ)

ملین پاؤنڈ کیس، عمران نے خود سپریم کورٹ کے اکاؤنٹ میں رقم ایڈجسٹ کرنے کا فیصلہ کیا، فروغ نسیم

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) سابق وفاقی وزیر برائے قانون سینیٹر فروغ نسیم نے 190 ملین پاؤنڈز کیس میں سابق وزیراعظم عمران خان کے دعوے کو مسترد کردیا۔ تفصیلات کے مطابق 190 ملین پاؤنڈز کیس میں سابق وزیراعظم عمران خان نے پہلے کابینہ کا سہارا لیا اور اب اپنے دور کے 3 (بقیہ نمبر 22)

میرا پارٹی چھوڑنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ فرخ حبیب

ایک سال سب نے دباؤ برداشت کیا لیکن اب چیزیں دباؤ سے باہر نکل گئیں

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) پی ٹی آئی رہنما فرخ حبیب کا کہنا ہے کہ میرا پارٹی چھوڑں ے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ فرخ حبیب نے گفتگو کرتے ہوئے کہنا ہے کہ عمران خان اہم ہیں جو اپنے بیانیے کے ساتھ کھڑے ہیں، لوگوں نے عمران خان کو منتخب کیا ووٹ دیا لوگ ان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک سال سب نے دباؤ برداشت کیا لیکن اب چیزیں دباؤ سے باہر نکل گئیں، جب فیملی اور ذاتی کاروبار پر حملے شروع ہوجائیں تو دباؤ برداشت کرنا مشکل ہوتا ہے۔ فرخ حبیب نے کہا کہ میری ہمدردیاں 70 سالہ شیریں مزاری کے ساتھ ہیں، 5 مرتبہ شیریں مزاری کو گرفتار کیا گیا آج انہیں گجرات لے جایا جارہا تھا، ان کے خلاف سڑک بلاک کرنے کا مقدمہ بنایا گیا جسے مجسٹریٹ نے دیکھتے ہی ختم کردیا (بقیہ نمبر 23)

پاک فضائیہ کا 1965 کی جنگ کے ہیرو سکواڈرن لیڈر علاالدین احمد شہید کو خراج عقیدت

علاالدین احمد شہید نے دشمن کے خلاف بیس جنگی مشنز کے دوران اپنے سکواڈرن کی قیادت کی اور غیر معمولی جرات و بہادری کا مظاہرہ کیا

اسی حملے کے دوران انکے طیارے کو شدید نقصان پہنچا اور سکواڈرن لیڈر علاالدین احمد شہید اس مشن کے دوران شہادت کے عظیم مرتبے پر فائز ہوئے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاک فضائیہ نے اپنے غازیوں اور شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے 1965 کی جنگ کے ہیرو سکواڈرن لیڈر علاالدین احمد شہید کے حوالے سے خصوصی پرومو جاری کیا ہے۔ سکواڈرن لیڈر علاالدین احمد شہید نے دشمن کے خلاف بیس جنگی مشنز کے دوران اپنے سکواڈرن کی قیادت کی اور غیر معمولی جرات و بہادری کا مظاہرہ کیا۔ تمام تر آپریشنز کے دوران انکی قیادت میں پر اعتمادی، حوصلہ مندی اور غیر متزلزل عزم جیسے خواص نمایاں رہے جس سے ان کی فارمیشن میں موجود پائلٹس نے بہادری کی انگنت داستانیں رقم کیں۔ نتیجتاً، پاک فضائیہ کے شاہینوں نے متعدد ہندوستانی جنگی اثاثوں کو کامیابی سے تباہ کیا۔ 13 ستمبر، 1965 کے روز اپنی آخری اڑان کے دوران انہوں نے بلاخوف و خطر اپنی جان کی پرواہ نہ کرتے ہوئے گورداسپور ریلوے اسٹیشن پر گولہ بارود سے بھری ایک اہم ٹرین پر حملہ کرکے اسے تباہ کیا۔ اسی حملے کے دوران انکے طیارے کو شدید نقصان پہنچا اور سکواڈرن لیڈر علاالدین احمد شہید اس مشن کے دوران شہادت کے عظیم مرتبے پر فائز ہوئے۔ پاک فضائیہ کے اس جانباز مجاہد کو مثالی قیادت، جرات اور بہادری کا مظاہرہ کرنے پر ستارہ جرات سے نوازا گیا۔ (ترجمان پاک فضائیہ)

ABC عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

نصابی کتب میں قابلِ اعتراض مواد

خیبر پختونخوا حکومت نے کیمبرج نصاب میں قابل اعتراض درسی مواد پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ خبروں کے مطابق شکایت کی گئی تھی کہ کیمبرج کی ایک کتاب میں قابل اعتراض مواد شامل ہے جس سے نوجوان نسل بے راہ روی کا شکار ہو رہی ہے، نگران صوبائی حکومت نے شکایات ملنے پر فوری کارروائی کی اور پانچ سینئر ماہرین پر مشتمل کمیٹی قائم کرکے قابل اعتراض مواد کا جائزہ لیا، شکایات درست ثابت ہونے پر متعلقہ مضامین کو کتاب سے نکالنے کے احکامات جاری کردیے۔ کمیٹی نے پبلشرز، بک سیلرز اور سکولوں کو بھی مذکورہ کتاب تلف کرنے کی ہدایات جاری کردی ہیں۔ یہ کمیٹی دیگر کتابوں میں بھی قابل اعتراض مواد کی چھان بین کررہی ہے اور محکمہ تعلیم کے ذرائع کا کہنا ہے جو مضامین غیر معیاری اور گمراہ کن ہوئے ان پر پابندی لگا دی جائے گی۔

خیبر پختونخوا حکومت نے کیمبرج نصاب میں قابل اعتراض درسی مواد پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ خبروں کے مطابق شکایت کی گئی تھی کہ کیمبرج کی ایک کتاب میں قابل اعتراض مواد شامل ہے جس سے نوجوان نسل بے راہ روی کا شکار ہو رہی ہے، نگران صوبائی حکومت نے شکایات ملنے پر فوری کارروائی کی اور پانچ سینئر ماہرین پر مشتمل کمیٹی قائم کرکے قابل اعتراض مواد کا جائزہ لیا، شکایات درست ثابت ہونے پر متعلقہ مضامین کو کتاب سے نکالنے کے احکامات جاری کردیے۔ کمیٹی نے پبلشرز، بک سیلرز اور سکولوں کو بھی مذکورہ کتاب تلف کرنے کی ہدایات جاری کردی ہیں۔ یہ کمیٹی دیگر کتابوں میں بھی قابل اعتراض مواد کی چھان بین کررہی ہے اور محکمہ تعلیم کے ذرائع کا کہنا ہے جو مضامین غیر معیاری اور گمراہ کن ہوئے ان پر پابندی لگا دی جائے گی۔ خیبر پختونخوا حکومت نے کیمبرج نصاب میں قابل اعتراض درسی مواد پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ خبروں کے مطابق شکایت کی گئی تھی کہ کیمبرج کی ایک کتاب میں قابل اعتراض مواد شامل ہے جس سے نوجوان نسل بے راہ روی کا شکار ہو رہی ہے، نگران صوبائی حکومت نے شکایات ملنے پر فوری کارروائی کی اور پانچ سینئر ماہرین پر مشتمل کمیٹی قائم کرکے قابل اعتراض مواد کا جائزہ لیا، شکایات درست ثابت ہونے پر متعلقہ مضامین کو کتاب سے نکالنے کے احکامات جاری کردیے۔ کمیٹی نے پبلشرز، بک سیلرز اور سکولوں کو بھی مذکورہ کتاب تلف کرنے کی ہدایات جاری کردی ہیں۔ یہ کمیٹی دیگر کتابوں میں بھی قابل اعتراض مواد کی چھان بین کررہی ہے اور محکمہ تعلیم کے ذرائع کا کہنا ہے جو مضامین غیر معیاری اور گمراہ کن ہوئے ان پر پابندی لگا دی جائے گی۔ خیبر پختونخوا حکومت نے کیمبرج نصاب میں قابل اعتراض درسی مواد پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ خبروں کے مطابق شکایت کی گئی تھی کہ کیمبرج کی ایک کتاب میں قابل اعتراض مواد شامل ہے جس سے نوجوان نسل بے راہ روی کا شکار ہو رہی ہے، نگران صوبائی حکومت نے شکایات ملنے پر فوری کارروائی کی اور پانچ سینئر ماہرین پر مشتمل کمیٹی قائم کرکے قابل اعتراض مواد کا جائزہ لیا، شکایات درست ثابت ہونے پر متعلقہ مضامین کو کتاب سے نکالنے کے احکامات جاری کردیے۔ کمیٹی نے پبلشرز، بک سیلرز اور سکولوں کو بھی مذکورہ کتاب تلف کرنے کی ہدایات جاری کردی ہیں۔ یہ کمیٹی دیگر کتابوں میں بھی قابل اعتراض مواد کی چھان بین کررہی ہے اور محکمہ تعلیم کے ذرائع کا کہنا ہے جو مضامین غیر معیاری اور گمراہ کن ہوئے ان پر پابندی لگا دی جائے گی۔ خیبر پختونخوا حکومت نے کیمبرج نصاب میں قابل اعتراض درسی مواد پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ خبروں کے مطابق شکایت کی گئی تھی کہ کیمبرج کی ایک کتاب میں قابل اعتراض مواد شامل ہے جس سے نوجوان نسل بے راہ روی کا شکار ہو رہی ہے، نگران صوبائی حکومت نے شکایات ملنے پر فوری کارروائی کی اور پانچ سینئر ماہرین پر مشتمل کمیٹی قائم کرکے قابل اعتراض مواد کا جائزہ لیا، شکایات درست ثابت ہونے پر متعلقہ مضامین کو کتاب سے نکالنے کے احکامات جاری کردیے۔ کمیٹی نے پبلشرز، بک سیلرز اور سکولوں کو بھی مذکورہ کتاب تلف کرنے کی ہدایات جاری کردی ہیں۔ یہ کمیٹی دیگر کتابوں میں بھی قابل اعتراض مواد کی چھان بین کررہی ہے اور محکمہ تعلیم کے ذرائع کا کہنا ہے جو مضامین غیر معیاری اور گمراہ کن ہوئے ان پر پابندی لگا دی جائے گی۔ خیبر پختونخوا حکومت نے کیمبرج نصاب میں قابل اعتراض درسی مواد پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ خبروں کے مطابق شکایت کی گئی تھی کہ کیمبرج کی ایک کتاب میں قابل اعتراض مواد شامل ہے جس سے نوجوان نسل بے راہ روی کا شکار ہو رہی ہے، نگران صوبائی حکومت نے شکایات ملنے پر فوری کارروائی کی اور پانچ سینئر ماہرین پر مشتمل کمیٹی قائم کرکے قابل اعتراض مواد کا جائزہ لیا، شکایات درست ثابت ہونے پر متعلقہ مضامین کو کتاب سے نکالنے کے احکامات جاری کردیے۔ کمیٹی نے پبلشرز، بک سیلرز اور سکولوں کو بھی مذکورہ کتاب تلف کرنے کی ہدایات جاری کردی ہیں۔

جب زندگی شروع ہوگی!

ڈاکٹر لیاقت علی خان نیازی

اردو ادب کے قارئین عام طور پر رومانوی، جاسوسی، تاریخی اور معاشرتی حوالوں سے لکھے گئے ناول پڑھتے ہیں۔ ابویحییٰ نے ایک غیر روایتی ناول بعنوان جب زندگی شروع ہوگی لکھا۔ اس ناول کا مقصود صرف یہ ہے کہ غیب میں پوشیدہ امکانات کی اس دنیا کو فکشن کے ذریعے ایک زندہ حقیقت بنا کر عام لوگوں کے سامنے پیش کردیا جائے۔ خوش قسمتی سے قرآن حکیم اور پیغمبر آخرالزمان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمات میں ہمیں آنے والی اس دنیا کی وہ تصویر مل جاتی ہے جس کی بنیاد پر ابویحییٰ نے اس دنیا کی ایک منظرکشی کرنے کی کوشش کی ہے۔ ناول نگاری کے تقاضوں کی بنا پر مکالمہ نویسی اور تصور آرائی دونوں ناگزیر تھے۔ تاہم یہ ناول لکھتے وقت ابویحییٰ نے ہر قدم پر اللہ تعالیٰ کی صفات عالیہ سے متعلق قرآنی بیانات وآیات اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات عالیہ کو پیش نظر رکھا۔ اردو ادب کے قارئین عام طور پر رومانوی، جاسوسی، تاریخی اور معاشرتی حوالوں سے لکھے گئے ناول پڑھتے ہیں۔ ابویحییٰ نے ایک غیر روایتی ناول بعنوان جب زندگی شروع ہوگی لکھا۔ اس ناول کا مقصود صرف یہ ہے کہ غیب میں پوشیدہ امکانات کی اس دنیا کو فکشن کے ذریعے ایک زندہ حقیقت بنا کر عام لوگوں کے سامنے پیش کردیا جائے۔ خوش قسمتی سے قرآن حکیم اور پیغمبر آخرالزمان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمات میں ہمیں آنے والی اس دنیا کی وہ تصویر مل جاتی ہے۔ جس کی بنیاد پر ابویحییٰ نے اس دنیا کی ایک منظرکشی کرنے کی کوشش کی ہے۔ ناول نگاری کے تقاضوں کی بنا پر مکالمہ نویسی اور تصور آرائی دونوں ناگزیر تھے۔ تاہم یہ ناول لکھتے وقت ابویحییٰ نے ہر قدم پر اللہ تعالیٰ کی صفات عالیہ سے متعلق قرآنی بیانات وآیات اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات عالیہ کو پیش نظر رکھا۔ اردو ادب کے قارئین عام طور پر رومانوی، جاسوسی، تاریخی اور معاشرتی حوالوں سے لکھے گئے ناول پڑھتے ہیں۔ ابویحییٰ نے ایک غیر روایتی ناول بعنوان جب زندگی شروع ہوگی لکھا۔ اس ناول کا مقصود صرف یہ ہے کہ غیب میں پوشیدہ امکانات کی اس دنیا کو فکشن کے ذریعے ایک زندہ حقیقت بنا کر عام لوگوں کے سامنے پیش کردیا جائے۔ خوش قسمتی سے قرآن حکیم اور پیغمبر آخرالزمان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمات میں ہمیں آنے والی اس دنیا کی وہ تصویر مل جاتی ہے جس کی بنیاد پر ابویحییٰ نے اس دنیا کی ایک منظرکشی کرنے کی کوشش کی ہے۔ ناول نگاری کے تقاضوں کی بنا پر مکالمہ نویسی اور تصور آرائی دونوں ناگزیر تھے۔ تاہم یہ ناول لکھتے وقت ابویحییٰ نے ہر قدم پر اللہ تعالیٰ کی صفات عالیہ سے متعلق قرآنی بیانات وآیات اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات عالیہ کو پیش نظر رکھا۔

رسوائے زمانہ

''جس رشتے میں یقین نہ ہو جن آنکھوں میں اعتماد نہ ہو اور جس دل میں محبت نہ ہو تم ایسے رشتے پر وقت ضائع کررہے ہو اشرف۔ وہ بیوی ہی جب تمہیں خوشیاں نہیں دے رہی تو فارغ کردو۔''

افسانہ نگار: سدرہ شیخ، لاہور

میں دوست کے مشورے پر دنگ رہ گیا اور اس سے زیادہ حیران مجھے اشرف کی اس ہاں نے کیا

''میں بھی سوچ رہا ہوں فارغ کردوں۔۔۔ جب سے شادی کی زندگی عذاب بن گئی ہے''

چائے کا کپ رکھ کر میں نے ان دونوں کی چہروں کا بغور جائزہ لیا کہ کہیں کوئی مذاق کا کوئی ایک تاثر مل جائے مگر مجال ہو جو ایسے ظاہر کیا ہو وہ دونوں تو سنجیدگی سے مشورہ دے اور لے رہے تھے ایک دوسرے سے کچھ دیر خاموش رہنے کے بعد میں نے لب کھولے اور زبان پر جو آیا بول دیا مجھے فکر نہیں تھی دوست کی ناراضگی کی۔۔

مجھے فکر تھی تو اسکا گھر ٹوٹنے کی۔۔

''احتشام سے پوچھ لو وہ بھی یہی کہے گا۔۔ وہ تو ایسی بدزبان عورتوں کو پسند ہی نہیں کرتا''

''اور یہ کس نے کہا تم سے۔۔؟ میں کیونکر ایسی سوچ رکھوں گا۔؟ کیا میں نے کبھی ایسا تذکرہ کیا تھا واجد۔۔؟''

احتشام کے لہجے میں تلخی آئی تو واجد نے بات ٹال دی

''اشرف میں جو کہتا ہوں۔۔''

''اشرف۔ جب نکاح کیا تھا ہم دوستوں کو ساتھ لیکر گیا تھا بیوی پسند کرنے کے لیے۔؟ شادی کے تین سال کب کب ہم دوستوں سے مشورہ لیا تھا۔؟ کب کب بیوی کے قریب گئے تھے ہم سے پوچھ کر۔؟''

''احتشام میں لحاظ کررہا ہوں۔۔''

اشرف نے وارننگ دیتے ہوئے بات کو کاٹ دیا تھا

''وہ تمہاری بیوی ہے عزت ہے۔۔ فارغ کردینے جیسا لفظ برداشت ہو رہا مگر میری بات نہیں۔۔؟ بات کو سمجھو عورت ذات کیا اتنی ہی فالتو ہے کہ کچھ برا لگ رہا تو فارغ کردو۔؟''

''وہ بدزبان ہے احتشام۔ یہ کتنا برداشت کرے گا۔؟''

''یہ مرد ہے جتنا برداشت کرسکتا ہے اسے اتنا تو برداشت کرنا چاہیے نہ۔؟ اشرف اگر دوسری بیوی اس سے زیادہ بدلحاظ ہوئی تھی۔؟ اسی سفر کے مسافر بنے رہ جاؤ گے۔۔

یا تو اپنی بیوی کے رنگ میں ڈھل جاؤ یا اسے ڈھال لو۔۔''

وہ بات مکمل کرکے وہاں سے چل دیا تھا آفس بیگ پکڑے وہ اس کیفے سے باہر نکل آیا تھا۔۔

ان تین دوستوں کی عادت تھی ویک اینڈ پر وہ ایسے ہی ملتے تھے گپ شپ لگاتے تھے

اتنے سالوں کی دوستی میں پہلی بار اس دوست نے ایسے اپنی ازدواجی زندگی کو شیئر کیا جو احتشام کو بالکل پسند نہ آئی۔۔

وہ گاڑی میں بیٹھے گھر کی جانب موڑ چکا تھا۔۔

راستے میں اپنی پسندیدہ پھولوں کی دکان پر رک کر اسے نے گجرے لیے تھے جو ہر شام لیتا تھا وہ شادی کو ایک سال سے زائد ہوگیا تھا پر اسکے یہ شوق مدھم نہیں پڑے تھے۔۔

احتشام گھر کی حدود میں جیسے داخل ہوا چہرے پر مسکان چھا گئی تھی والدہ کا چہرہ دیکھ کر وہ وہیں ہال میں رک گیا تھا اپنے بیڈروم میں جانے کے بجائے۔۔۔

''ہمیں کب خوش خبری ملے گی احتشام اب تو حارث بھی آگے نکل گیا ہے تمہارے بعد شادی ہوئی تھی۔۔''

''ہاہاہا امی جان میں نے کونسا شرط رکھی تھی آپ جانتی ہیں نہ میں ان معاملات میں معاشرے والی سوچ نہیں رکھتا۔۔ میں نازنین پر کوئی پریشر بھی نہیں ڈالنا چاہتا۔۔''

والدہ کچھ پل کے لیے خاموش ہوگئی پر بہن چپ نہ ہوئی۔۔

''احتشام بھائی۔۔ ہم جانتے ہیں بھابھی سے آپ کی شادی پسند کی ہے پر اب تو رشتے دار بھی پوچھنے لگے ہیں۔۔ میری ساس ہر دو دن بعد پوچھتی ہیں۔۔ اور آپ جانتے ہیں جب لوگ باتیں بنانے پر آئیں تو لحاظ بھی نہیں کرتے''

''میں ابھی بات نہیں کرنا چاہتا۔۔''

میں وہاں سے اٹھ کر بیڈروم کی جانب چلا گیا۔۔ ہمیشہ کی طرح بیگم کو شیشے کے آگے سجتے سنورتے ہی پایا۔۔ میں نے ہر شام گجرے لانے کے وعدے کو نبھایا اور اس نے میرے لیے ہر روز تیار ہونے کے اپنے وعدے کو۔۔۔

یہ ہمارا رشتہ تھا۔۔ اور میں بہت خوش تھا اپنی زندگی میں۔۔ شروع شروع میں گھر والوں کو میری پسند بالکل پسند نہیں تھی کیونکہ امی اپنی بھانجی سے میری شادی بچپن میں طے کرچکی تھی۔۔

جب میں نے اپنی خواہش کا اظہار کیا تو بہت لڑائی ہوئی تھی آج بھی یاد ہے جب میں نے اپنی ضد منوائی تھی امی سے۔۔

اب تو میری بیگم سب کے دلوں میں اپنی جگہ بنانے میں کامیاب ہو رہی ہیں۔ اب زندگی میں کوئی پریشانی نہیں سوچ رہا ہوں اماں والی بات بیگم کو بتا کر اس کی رضامندی حاصل کروں۔۔

دروازہ آہستہ سے بند کرکے جیسے ہی بیڈروم میں داخل ہوا بیگم کا مسکراہٹ بھرا شیشے میں سنورتے ہوئے صاف دکھائی دے رہا تھا

''نازنین۔۔۔''

'' گجروں کی خوشبو بتا دیتی ہے آپ آگئے۔۔ کبھی بھولتے کیوں نہیں ہیں آپ۔؟''

یوم تکریم شہدائے پاکستان

اس ملک میں قیام سے لیکر اب تک بہت سے سانحات ہو چکے ہیں جن کو اگر یاد کیا جائے تو دل خون کے آنسو روتا ہے اس وطن کی خاطر ہزاروں

تحریر: اعجاز علی ساغر اسلام آباد

ماں نے اپنے لال قربان کردیے بہت سی بہنوں کے بھائی اس ملک کی حفاظت کرتے کرتے شہید ہوگئے ایسی ہزاروں بیویاں ہیں جنہوں نے اپنے سہاگ ہمارے اور ہمارے بچوں کے بہتر مستقبل کیلئے قربان کردیے ان عظیم لوگوں کی لازوال قربانیوں کے ہم مقروض ہیں، جی ہاں بالکل یہ قوم ان شہدا کی مقروض ہے، کبھی غور کیا ہے کہ جب کسی شہید کا جسد خاکی گھر آتا ہے تو اس گھر کے مکینوں کی کیا کیفیت ہوتی ہے ان کی آنکھوں کے آنسو خشک ہوجاتے ہیں وہ بوڑھے باپ جن کے جوان بچے شہید ہوکر گھر آتے ہیں ان کی آنکھوں میں چھپے اس کرب اور تکلیف کو کبھی محسوس کرنے کی کوشش کیجئے آپ کو محسوس ہوگا کہ شہید کے وارثان کا صبر کیا چیز ہے آپ اکثر ٹی وی پر دیکھتے ہیں کہ جب کوئی فوجی شہید ہوجائے اور اسکا جسد خاکی گھر آئے تو اسکے والدین کا عزم اور مضبوط ہوجاتا ہے اور وہ سب کو یہی کہتے ہیں کہ اگر ان کے دس بیٹے بھی ہوتے تو وہ اس وطن پر قربان کردیتے۔

کتنا آسان ہے یہ کہنا اور کتنا مشکل ہے اس عہد کو نبھانا لیکن قربان جاں ان والدین پر جنہوں نے اپنے کنبوں کے کنبے اس دھرتی پر قربان کردیے۔

ہم اکثر کسی بھی جگہ سفر کررہے ہوں تو سڑک کنارے جگہ جگہ ہمیں بورڈز نظر آتے ہیں جس پر ایک تحریر درج ہوتی ہے کہ یہ فوجی فلاں محاذ پر وطن کی حفاظت کرتے ہوئے شہید ہوئے یار کیسی سخت مائیں ہیں کہ ان کو اپنے بچوں کی بھی پرواہ نہیں کیسی سخت بہنیں ہیں جو اپنے جوان بھائی موت کی طرف بھیج دیتی ہیں ان بیویوں کو ہم کیا کہیں جن کو اپنی جوانی کی فکر ہے نہ اپنے بچوں کے مستقبل کی وہ اپنے شوہروں کو بھیج دیتی ہیں ان والدین کو یقیناً سمجھانا ہوگا کہ جو اپنے لخت جگر جس کو وہ ناز سے پالتے ہیں اور پھر دشمن کی گولی یا بم کا شکار بننے کیلئے بھیج دیتے ہیں وہ کن کیلئے اپنا لخت جگر شہید کرواتے ہیں صرف ہمارے لیے تاکہ ہماری آنیوالی نسلیں سکون کی زندگی گزار سکیں کبھی آپ کو سیاچین کے محاذ پر ڈٹے ہوئے ان محافظوں کا خیال آیا ہے جو منفی پچاس ڈگری سینٹی گریڈ میں فرائض کی ادائیگی میں مصروف ہیں جو برف کے ساتھ برف بن جاتے ہیں جن کی وہاں شہادت ہوجائے تو لاش بھی نہیں ملتی یہ کچھ عرصہ پہلے برف کا پہاڑ گرنے سے ہمارے جو محافظ اسکی زد میں آئے تھے کتنوں کی لاشیں ان کے گھر پہنچیں کبھی کسی نے اس بارے میں سوچا ہے؟

اب آتے ہیں یہ 9 مئی کو پیش آنیوالے ناقابل فراموش سانحے کی طرف جس نے پوری قوم کے بدن سے خون نچوڑ دیا ہے جنہوں نے نجی املاک کیساتھ ساتھ ان عظیم شہداں کی یادگاروں کو بھی نہیں بخشا اس ملک کیلئے اپنی صحت کی پرواہ نہ کرنیوالے ہمارے عظیم قائد کا گھر ہی جلا کر رکھ دیا اتنی نفرت کہ اس میں آپ کو مسجد بھی نظر نہ آئی اللہ کے اس گھر کو بھی جلادیا یار تم کیسے مسلمان ہو تمہیں تو سرے عام سزا ملنی چاہیئے جو کام ہمارا ازلی دشمن بھارت نہ کرسکا جسکی چائے پینے کی خواہش 1965 میں بھی ادھوری رہی اور 2019 میں بھی آپ نے اسکی خواہش پوری کردی اور کور کمانڈر کے گھر گھس گئے یہ نہیں ہے کہ وہ آپ کو روک نہیں سکتے تھے ان کو روکنا بہت اچھے طریقے سے آتا ہے اگر پوچھنا ہو تو ہمسائیہ سے ہی پوچھ لیں جو اتنی بڑی طاقت ہونے کے باوجود اس ملک کی طرف میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکا اس سب کے پیچھے اس وردی اور ان عظیم سپوتوں کا کمال ہے جن کو آپ نے کمزور سمجھ لیا وہ کمزور نہیں ہیں بس ان کی ایک عادت ہے کہ وہ اپنوں پر گولی نہیں چلاتے وہ بیرونی دشمن سے بھی لڑتے ہیں اور اندرونی محاذ پر بھی انہیں پسپا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے لیکن وہ ثابت قدم ہیں وہ گھبراتے نہیں ہیں۔

عمران خان صاحب آپ نے قوم کو منتشر کرنے کی کوشش کی آپ نے سوچا رجب طیب اردگان کیلئے قوم نکلی تھی میرے لیے بھی نکلے گی خان صاحب یہ آپ کی بھول ہے قوم اپنے ان محافظوں سے حد سے زیادہ پیار کرتی ہے یہ مٹھی بھر لوگ جن کو آپ نے اکسا کر اقتدار حاصل کرنے کی اوچھی حرکت کی ہے اس سے پوری قوم میں

شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے آپ کی پارٹی کے اپنے لوگ آپ کو سمجھاتے رہے کہ آپ بیشک سیاست کریں لیکن قوم کے سپہ سالار اور محافظوں کے بارے میں غلطی بیانی نہ کریں آپ کا یہ بیرونی ایجنڈا آپ کے اپنوں نے ہی بے نقاب کردیا کدھر گئیں ریاست مدینہ کی باتیں کیا ایسی متشدد ریاست مدینہ بنانے چلے تھے وہ ریاست مدینہ تو پیار و امن کا درس دیتی تھی وہاں تو دشمنوں کیساتھ بھی اچھا سلوک کیا جاتا تھا لیکن آپ نے چار سال اپنے سیاسی حریفوں کیساتھ کیا سلوک کیا ان کو جیلوں میں ڈالا ان کی خواتین کے بیڈروم تک کے تالے تڑوائے گئے اور اس میں خفیہ کیمرے لگوائے گئے ان کو ہسپتالوں سے آدھی آدھی رات کو اٹھوالیا جاتا کیا یہ آپ کی ریاست مدینہ تھی؟

خان صاحب جو سلوک آپ نے ان کیساتھ کیا تھا آپ کیساتھ تو ایسا کچھ بھی نہیں ہوا آپ بتائیں اگر آپ کی بیوی یا بہن کو آدھی رات کو اٹھایا گیا ہو یا آپ کے کمرے میں خفیہ کیمرے لگائے گئے ہوں یا آپ کو جیل میں ڈال کر آپ پر چیونٹیاں چھوڑی گئی ہوں خان صاحب آپ کیساتھ تو پھر بھی نرمی برتی گئی ہے لیکن جو کام آپ نے شہدا کیساتھ کیا ہے اس کیلئے یہ قوم آپ کو معاف نہیں کرے گی۔

یہ قوم اپنے شہدا کیلئے یوم تکریم منانے جارہی ہے جس میں ان کی عظیم اور لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا اور اس عزم کا اعادہ کیا جائے گا کہ آئندہ 9 مئی جیسے واقعات نہ ہوں یہ قوم وزیر اعظم پاکستان سے اپیل کرتی ہے کہ اس واقعے میں ملوث تمام عناصر کیخلاف سخت اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ آئندہ ایسے واقعات رونما نہ ہوں۔

شوبز SHOWBIZ

انوپم کھیر اپنی نئی فلم کی شوٹنگ کے دوران شدید زخمی

اداکار جلد اپنی نئی فلم 'وجے 69' میں ایک بزرگ کا کردار ادا کریں گے

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ کے سینئر اداکار انوپم کھیر اپنی نئی فلم کی شوٹنگ کے دوران حادثے کا شکار ہوکر زخمی ہوگئے۔ انوپم کھیر نے سوشل میڈیا پر اپنی تصویر شیئر کرتے ہوئے مداحوں کو خبر دی ہے کہ وہ اپنی آنے والی فلم 'وجے 69' کی شوٹنگ کے دوران زخمی ہوئے جس سے ان کے کندھے میں چوٹ آئی ہے۔ تصویر میں دیکھا جا سکتا ہے کہ اداکار کے کندھے پر پٹی بندھی ہوئی ہے۔ انوپم نے پوسٹ کی کیپشن میں لکھا کہ 'آپ اسپورٹ فلم کریں اور زخمی نہ ہوں یہ کیسے ہوسکتا ہے؟' انہوں نے مزید لکھا کہ 'بہت تکلیف ہے۔

گھر والے مجھے میوزک انڈسٹری سے دور رکھنا چاہتے تھے: شفقت امانت علی

گلوکار کا کہنا تھا کہ ان کے گھر والوں کا خیال تھا کہ میں میوزک میں اچھا نہیں ہوں

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان کے نامور کلاسیکل گلوکار شفقت امانت علی نے انکشاف کیا کہ ان کے گھر والے نہیں چاہتے تھے کہ وہ میوزک انڈسٹری سے وابستہ ہو۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے شفقت امانت علی نے کہا کہ ان کے بڑوں کی خواہش تھی کہ وہ کسٹم میں نوکری کریں، پولیس کو جوائن کریں یا کسی اور پروفیشن کا حصہ بنیں۔ گلوکار کا کہنا تھا کہ ان کے گھر والوں کا خیال تھا کہ میں میوزک میں اچھا نہیں ہوں، اس کے باوجود میں نے اپنی جدوجہد جاری رکھی، ایسا نہیں کہ میں گھر والوں سے باغی تھا مگر میرے اندر یہ تھا کہ میں یہی کرنا چاہتا ہوں۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے شفقت امانت علی نے کہا کہ ان کے بڑوں کی خواہش تھی کہ وہ کسٹم میں نوکری کریں، پولیس کو جوائن کریں یا کسی اور پروفیشن کا حصہ بنیں۔ گلوکار کا کہنا تھا کہ ان کے گھر والوں کا خیال تھا کہ میں میوزک میں اچھا نہیں ہوں، اس کے باوجود میں نے اپنی جدوجہد جاری رکھی، ایسا نہیں کہ میں گھر والوں سے باغی تھا مگر میرے اندر یہ تھا کہ میں یہی کرنا چاہتا ہوں۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے شفقت امانت علی نے کہا کہ ان کے بڑوں کی خواہش تھی کہ وہ کسٹم میں نوکری کریں، پولیس کو جوائن کریں یا کسی اور پروفیشن کا حصہ بنیں۔

دیہات میں ڈپریشن کی بیماری کا تصور بھی نہیں: نوازالدین صدیقی

انہوں نے کہا کہ گاں میں کسی کو ڈپریشن نہیں ہوتا اور وہاں ہر کوئی خوش رہتا ہے

ممبئی (شوبز نیوز) بھارت کے مشہور اداکار نوازالدین صدیقی نے کہا ہے کہ ڈپریشن کی بیماری شہری زندگی کا حصہ ہوتی ہے، دیہات میں اس کا کوئی تصور نہیں ہے۔ ایک انٹرویو میں اداکار کا کہنا تھا کہ ان کا تعلق ایک ایسے علاقے سے ہے کہ اگر وہ اپنے والد کو بتاتے کہ انہیں ڈپریشن ہے تو وہ اسے ایک زوردار تھپڑ رسید کرتے۔ انہوں نے کہا کہ گاں میں کسی کو ڈپریشن نہیں ہوتا اور وہاں ہر کوئی خوش رہتا ہے، یہ بیماری شہر والوں کو لگ جاتی ہے۔ نوازالدین صدیقی کا کہنا تھا کہ شہر کے لوگوں اپنے ہر چھوٹے سے چھوٹے جذبے کو بڑھا چڑھا کر پیش کرتے ہیں

کامیابی کیلئے ٹیلنٹ کا بہترین اظہار ضروری: ریما خان

میں اس وقت کامیاب ہوئی جب مجھے کیمرے کا سامنا کرنا بھی نہیں آتا تھا: اداکارہ

لاہور (شوبز نیوز) اداکارہ ریما خان نے کہا ہے کہ ٹیلنٹ کو سامنے لانے کیلئے محنت اور لگن کی ضرورت ہوتی ہے، سفارش کیساتھ کام حاصل کرکے کامیابی ممکن نہیں اس کیلئے اپنے ٹیلنٹ کا بہترین اظہار کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے ایک انٹرویو میں کہا کہ میں نے اس وقت فلم انڈسٹری میں کامیابی حاصل کی جب مجھے صحیح طرح سے کیمرے کا سامنا کرنا بھی نہیں آتا تھا، میں اپنے گھر سے واحد لڑکی ہوں جس نے شوبز میں قدم رکھا۔ ریما نے کہا کہ میں اچھی اور خوشگوار ازدواجی زندگی بسر کررہی ہوں اور میری کوئی نیکی تھی کہ مجھے ڈاکٹر صاحب جیسا پیار کرنے والا شوہر ملا ہے۔

زینت امان اور امیتابھ بچن کی جوڑی 'بہترین آن اسکرین جوڑی' کیسے بنی۔۔۔؟

ممبئی (شوبز نیوز) ماضی کی مقبول ترین اداکارہ زینت امان، جنہوں نے حال ہی میں سوشل میڈیا پلیٹ فارم انسٹاگرام پر انٹری دی تھی، نے اپنی 42 برس پرانی فلم 'لاوارث' کی یادیں ایک بار پھر تازہ کی اور اس راز سے پردہ اُٹھادیا کہ وہ اور ساتھی فنکار امیتابھ بچن 'بہترین آن اسکرین جوڑی' کیسے بنے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اداکارہ نے انسٹاگرام کی طویل پوسٹ میں اپنی اور امیتابھ بچن کی 1981 میں ریلیز ہونے والی فلم 'لاوارث' کے سیٹ سے ایک تصویر شیئر کی اور ساتھی فنکار امیتابھ بچن کے ساتھ طویل عرصے تک کام کے تجربے پر روشنی ڈالی۔

معروف بنگالی اداکارہ ٹریفک حادثے میں چل بسیں

عینی شاہدین کے مطابق حادثہ بارانگر کے علاقے میں اس وقت پیش آیا

ممبئی (شوبز نیوز) بھارت کی 29 سالہ مشہور بنگالی اداکارہ ٹریفک حادثے میں زندگی کی بازی ہار گئیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بنگالی اداکارہ سچندرا داس گپتا پانی ہاٹی میں سیٹ سے گھر لوٹتے ہوئے سڑک حادثے میں ہلاک ہوگئیں۔ عینی شاہدین کے مطابق حادثہ بارانگر کے علاقے میں اس وقت پیش آیا جب وہ ٹیکسی پر سفر کررہی تھیں، مبینہ طور پر اداکارہ کو بارانگر پولیس سٹیشن کے گھوشپارہ کے قریب ٹرک نے ٹکر ماردی۔ برانگر پولیس نے موقع پر پہنچ کر حالات کو قابو میں کیا کیونکہ حادثے سے کچھ دیر تک ٹریفک میں خلل پڑا۔

بوبی دیول نے اپنے ساتھ پیش آنے والا دلچسپ واقعہ سنا دیا

اداکار بوبی دیول نے چند برس قبل اپنے ساتھ پیش آنے والے اس واقعے کو یاد کیا

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ کے اداکار بوبی دیول نے اپنے گزرے دنوں کو یاد کرلیا۔ اداکار بوبی دیول نے چند برس قبل اپنے ساتھ پیش آنے والے اس واقعے کو یاد کیا جب انہیں ان کی ایک پرستار خاتون نے پکڑے رکھا اور کئی منٹ تک جانے نہیں دیا، یہاں تک بوبی کے مطابق انہوں نے خاتون کو ہٹا کر نکلنے کی ناکام کوشش بھی کی۔ ایک انٹرویو کے دوران بوبی دیول نے اس واقعے کے حوالے سے بتایا کہ وہ پریشان ہوگئے تھے کہ اس صورتحال سے کیسے نکلا جائے۔ اپنے کیریئر کے ابتدائی دنوں کو یاد کرتے ہوئے بابی نے بتایا کہ وہ اس وقت بہت ہی شرمیلے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ وہ ایسے مواقعوں پر گھبراہٹ اور شرم سے پریشان ہوجاتے تھے جب پرستار ان سے اس قسم کے والہانہ انداز اپناتے تھے۔

SPORTS سپورٹس

شاداب خان آئندہ میگا ایونٹس میں بھارت کو شکست دینے کے لیے 'سپر پراعتماد'

ہندوستان اور پاکستان کے درمیان 50 اوور ورلڈ کپ میں ابتک 7 میچز ہو چکے ہیں

لاہور (یواین پی) معروف پاکستانی سپنر شاداب خان نے اس سال کے آخر میں شیڈول ایشیا کپ اور ورلڈ کپ 2023ء میں بھارت کے خلاف آئندہ ون ڈے میچوں کے بارے میں کھل کر بات کی۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے شاداب خان نے کہا کہ سکواڈ میں شامل زیادہ تر موجودہ کھلاڑی ماضی قریب میں روایتی حریفوں کے خلاف کھیل کے مختصر ترین فارمیٹ میں کھیل چکے ہیں۔ لیگ سپنر نے مزید کہا کہ کھلاڑیوں نے اب مین ان بلیو کی خوبیوں اور کمزوریوں کی نشاندہی کرلی ہے جس سے انہیں آئندہ میگا ایونٹس میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ جب ہم نے 2021ء کے T20 ورلڈ کپ میں ہندوستان کو شکست دی تو ٹیم کا اعتماد آسمانوں کو چھو رہا تھا اور ہم اب خوفزدہ نہیں تھے۔ 24 سالہ سپنر نے ریمارکس دیئے کہ اگرچہ انہوں نے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں پڑوسی ملک کا سامنا کیا ہے تاہم ون ڈے فارمیٹ ایک مختلف فارمیٹ ہے جو مختلف چیلنجز لائے گا۔ شاداب خان نے کہا کہ "یہ ایک مختلف شکل ہے، ان کا سامنا کرنے کے لیے مختلف چیلنجز ہوں گے لیکن ہم پرامید ہیں کیونکہ ابھی ہمارے پاس موجود کھلاڑیوں کا گروپ انتہائی پراعتماد ہے۔ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2021ء میں بھارت کے خلاف ٹاکرے کو یاد کرتے ہوئے شاداب خان نے کہا کہ اس میچ کے بعد 10 وکٹوں کی فتح نے قومی کھلاڑیوں کے اعتماد کو بڑھایا تھا۔ فرنچائز کرکٹ میں ان کے تجربے۔

ایشیا کپ: بھارت پاکستان کے ہائبرڈ ماڈل کو تسلیم کرنے کے لیے تیار

ہائبرڈ ماڈل کے تحت بھارت ایشیا کپ کے میچز نیوٹرل وینیو پر کھیلے گا

ممبئی/لاہور (یواین پی) پاکستان کی میزبانی میں ایشیا کپ کے لیے بھارت پاکستان کے ہائبرڈ ماڈل کو تسلیم کرنے کے لیے تیار ہوگیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) مشروط طور پر ہائبرڈ ماڈل قبول کرے گا۔ اس حوالے سے غیر ملکی میڈیا کا کہنا ہے کہ پاکستان کو ورلڈ کپ میں شرکت کے لیے تحریری یقین دہانی کرانی ہوگی۔ رپورٹس کے مطابق ہائبرڈ ماڈل کے تحت بھارت ایشیا کپ کے میچز نیوٹرل وینیو پر کھیلے گا جو کہ متحدہ عرب امارات اور سری لنکا ہو سکتے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق اس حوالے سے بی سی سی آئی باضابطہ اعلان 27 مئی کے اجلاس کے بعد کرے گا اور ایشین کرکٹ کونسل ایشیا کپ کے شیڈول کا اعلان بھارتی فیصلے کے بعد کرے گا۔ واضح رہے کہ بھارتی ضد کے بعد پاکستان نے ورلڈ کپ میں شرکت نہ کرنے کا اعلان کیا تھا۔

کرس گیل دیپیکا پڈکوون کے ساتھ کام کرنے کے خواہشمند

ممبئی (یواین پی) ویسٹ انڈیز کرکٹ ٹیم کے اسٹار کرس گیل نے بالی وڈ اداکارہ دیپیکا پڈوکون کے ساتھ کرم کرنے کی خواہش کا اظہار کردیا۔ کرس ان دنوں بھارتی اور جمیکن میوزک پر بنائے گئے اپنے نئے گانے 'او فاطمہ' کی تشہیر میں مصروف ہیں جس میں وہ اور بھارتی گلوکار و میوزک کمپوزر آرکو پراوو مکھرجی پرفارم کرتے نظر آئیں گے۔ اس گانے کی تشہیر کیلئے ایک انٹرویو کے دوران ویسٹ انڈیز بیٹر سے سوال کیا گیا کہ وہ کونسی بھارتی اداکارہ کے ساتھ کام کرنا چاہتے ہیں؟ جس پر کرس گیل نے جواب دیا کہ وہ بالی ووڈ کی کوئین دیپیکا پڈوکون کے ساتھ میوزک ویڈیو میں کام کرنے کے خواہشمند ہیں۔ کرس گیل کا کہنا تھا کہ اگر آنے والے وقت میں مجھے ایک اور میوزک ویڈیو میں کام کرنے کا موقع ملا تو میں دیپیکا پڈوکون کا انتخاب کروں گا۔ کرس گیل نے بتایا کہ وہ ماضی میں اداکارہ سے ملاقات کرچکے ہیں جو ان کی نظر میں ایک کامیاب اور بہترین خاتون ہیں۔ کرس گیل نے انکشاف کیا کہ کووڈ اور لاک ڈاؤن کے دنوں میں ان کی میوزک کی طرف دلچسپی بڑھی اور انہوں نے میوزک انڈسٹری سے وابستہ دوستوں کے ساتھ گانے بنانا شروع کیے جو جمیکا میں پسند بھی کیے گئے۔ بڑھی اور انہوں نے میوزک انڈسٹری سے وابستہ دوستوں کے ساتھ گانے بنانا شروع کیے جو جمیکا میں پسند بھی کیے گئے۔

مجھے امید ہے کھلاڑی کم بیک کریں گے: اعزاز چیمہ

163 پر 9 کھلاڑی آؤٹ کرنے پر ہمیں دوسری ٹیم کو فوراً آؤٹ کرنا چاہیے



ہرارے (سپورٹس نیوز) پاکستان شاہینز کے ہیڈ کوچ اعزاز چیمہ نے کہا ہے کہ مجھے پوری امید ہے کھلاڑی کم بیک کریں گے۔ زمبابوے سلیکٹ کے ہاتھوں دوسرے ون ڈے میں شکست کے بعد ہیڈ کوچ کا کہنا تھا کہ نئی بال سے بالرز نے اچھی بالنگ کی ہے، 163 پر 9 کھلاڑی آؤٹ کرنے پر ہمیں دوسری ٹیم کو فوراً آؤٹ کرنا چاہیے تھا۔ اعزاز چیمہ کا کہنا تھا کہ ٹیم آج ٹریننگ سیشن میں حصہ لیگی جہاں اپنی غلطیوں پر قابو پانے کی کوشش کریں گے۔ یاد رہے کہ زمبابوے سلیکٹ نے پاکستان شاہینز کو دوسرے ون ڈے میں 80 رنز سے شکست دے دی ہے۔ خیال رہے کہ زمبابوے سلیکٹ نے دوسرے میچ میں کامیابی کے بعد 6 میچز پر مشتمل سیریز میں 2-0 کی برتری حاصل کرلی ہے۔

''ڈیٹا سلیکشن'' کپتان کی رائے کو اہمیت دی جائے گی

کراچی (یواین پی) ''ڈیٹا سلیکشن'' میں بھی کپتان کی رائے کو اہمیت دی جائے گی، چیف سلیکٹر ہارون رشید کے مطابق نئی سلیکشن کمیٹی میں ماہر کوچز کے ساتھ اینالسٹ کو شامل کرنے سے پاکستان کرکٹ کو نئی راہوں پر لے جانے میں مدد ملے گی۔ پی سی بی نے گزشتہ دنوں نئی سلیکشن کمیٹی کا اعلان کیا جس کا سربراہ سابق ٹیسٹ کرکٹر ہارون رشید کو برقرار رکھا گیا ہے، ہیڈ کوچ گرانٹ بریڈبرن اور قومی ٹیم کے ڈائریکٹر مکی آرتھر بھی اس کا حصہ ہیں، حسن چیمہ کو سیکریٹری اور منیجر اینالیٹکس وٹیم اسٹریٹجی کی ذمہ داری سونپی گئی ہے، بعض حلقوں کی رائے میں نئے سلیکشن پراسس میں کپتان بابر اعظم کی اہمیت کم ہوجائے گی، البتہ چیف سلیکٹر ہارون رشید اس تاثر سے اتفاق نہیں رکھتے۔

ایشیا کپ جہاں بھی ہوا جیتنے کی بھرپور کوشش کرینگے: محمد رضوان

قومی ٹیم کی کامیابی کیلئے بھرپور محنت کرتا ہوں اور توجہ اپنی کرکٹ پر ہی ہے

پشاور (سپورٹس نیوز) وکٹ کیپر بلے باز محمد رضوان نے کہا ہے کہ ایشیا کپ کے حوالے سے فیصلہ پاکستان کرکٹ بورڈ اور حکومت نے کرنا ہے جہاں بھی ایونٹ ہوا ہم نے وہاں کھیلنا ہے۔ پشاور میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے وکٹ کیپر بیٹر محمد رضوان کا کہنا تھا کہ قومی ٹیم کی کامیابی کیلئے بھرپور محنت کرتا ہوں اور توجہ اپنی کرکٹ پر ہی ہے، کنڈیشنز کو مدنظر رکھتے ہوئے سیریز کی تیاری کرتا ہوں، ایشیا کپ جہاں بھی ہو ہم کامیابی کیلئے بھرپور محنت کریں گے۔ محمد رضوان نے کہا کہ انسان کی زندگی میں امتحانات آتے رہتے۔

پی سی بی کو پاکستان میں پچز کیلئے آسٹریلوی مٹی لانے کی کلیئرنس مل گئی

لاہور (یواین پی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے مختلف سٹیڈیمز میں پچوں کے معیار کو بڑھانے کی کوشش میں بالآخر درآمد شدہ آسٹریلوی سرزمین کے لیے کسٹم کلیئرنس حاصل کرلی ہے۔ یہ پیش رفت کسٹم کلیئرنس میں دس ماہ کی طویل تاخیر کے بعد ہوئی ہے، جس کا آغاز اس وقت ہوا جب مٹی گزشتہ سال جولائی میں جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پہنچی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کراچی میں نیشنل بینک کرکٹ ایرینا نے پرانی مٹی کو ہٹانے کا کام شروع کرتے ہوئے۔

فاطمہ ثنا ایمرجنگ ویمنز ٹی ٹوئنٹی ایشیا کرکٹ کپ میں قیادت کریں گی، ترجمان

لاہور (یواین پی) فاطمہ ثنا اے سی سی ایمرجنگ ویمنز ٹی ٹوئنٹی ایشیا کرکٹ کپ میں پاکستانی ٹیم کی قیادت کریں گی جو آئندہ ماہ ہانگ کانگ میں کھیلا جائے گا۔ ترجمان پی سی بی کے مطابق خواتین کی قومی سلیکشن کمیٹی نے اس ٹورنامنٹ کے لیے 14 رکنی ٹیم کا اعلان کردیا ہے، جس میں 4 وہ کھلاڑی بھی شامل ہیں جو اس سال کے اوائل میں منعقدہ آئی سی سی ویمنز انڈر 19 ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں پاکستان کی نمائندگی کرچکی ہیں۔ 12 سے 21 جون تک ہانگ کانگ میں ہونے والے ایمرجنگ ایشیا کپ۔

سری لنکن کرکٹ چیف بھارت میں ایشیا کپ پر بھی بات کریں گے

ابھی تک فیصلہ نہیں ہوا، 1 ہفتے میں کسی نتیجے تک پہنچ جائیں گے، شامی سلوا

لاہور (یواین پی) سری لنکن کرکٹ چیف دورہ بھارت میں ایشیا کپ کے حوالے سے بھی بات چیت کریں گے۔ سری لنکن کرکٹ کے دوبارہ صدر منتخب ہونے والے شامی سلوا خصوصی دعوت پر آئی پی ایل پلے آف میچز دیکھنے کیلئے بھارت پہنچ رہے ہیں، دیگر آفیشلز بھی ساتھ ہوں گے۔ مقامی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ میرے قیام کے دوران ایشیا کپ کے مستقبل پر بھی بات ہوگی، ابھی تک کوئی فیصلہ نہیں ہوا مگر امید ہے کہ ایک ہفتے میں کسی نتیجے تک پہنچ جائیں گے۔ یاد رہے کہ پی سی بی نے ایشیا کپ کی میزبانی ممکن بنانے کیلیے ہائبرڈ ماڈل کی تجویز پیش کررکھی ہے، اس کے تحت چار میچز پاکستان، باقی کسی نیوٹرل وینیو پر کھیلے جائیں گے، بھارت کسی ایک نیوٹرل وینیو پر پورا ٹورنامنٹ کروانے کی ضد پر اڑا ہوا ہے۔ دوسری جانب اس کی یہ خواہش ہے کہ پاکستان ٹیم ورلڈ کپ کھیلنے کیلیے بھارت آئے۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 25 اور 26 مئی 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلو کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 25 مئی 2023 صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، راولپنڈی سٹی سرکل،، ڈھوک حسو، میجر مسعود، گلشن آباد، انڈسٹریل، ڈھوک منگلال، F - 3 گل افشاں ممتاز شہید، کرنل اکرم، دینہ سٹی، ریاض شہید، چمالا، ہسوٹ، مسلم ٹاؤن فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، فضل احمد شہید، چوآ خالصہ، حنیف شہید، آئی ایس ٹی، نیو رواٹ، فیڈرز،، اسلام آباد سرکل، جی او آر، سوہدراں روڈ، چکوال سرکل، دولتالہ، ادھی، ڈیرہ مسلم، دولتالہ، رمن فیڈر، صبح 08:00 بجے تا دن 01:00 بجے تک، اٹک سرکل، کامرہ رورل، مانسر، گوندل، حاجی شاہ، حمید فیڈرز، ٹیکسلا 1,2، شیر شاہ سوری فیڈرز، صبح 09:00 بجے تا 10:00 بجے تک، جی ایس او سرکل، شادی خان، حاجی شاہ، گوندل، مانسر، کامرہ رورل فیڈرز، مورخہ 26 مئی 2023 صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، چکوال سرکل،، مورت، تلہ گنگ سٹی، مدینہ ٹاؤن فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

، بہت سی قربانیاں دے کر یہاں بیٹھے ہیں، آپ اپنے ساتھیوں سے کہیں کہ ہمارے دروازے پر ایسی باتیں نہ کریں۔ چیف جسٹس نے مزید کہا کہ آپ صفائیاں نہ دیں عدالت صاف دل کے ساتھ بیٹھی ہے۔ ہماری ہر چیز درست رپورٹ نہیں ہوتی، کہا گیا عمران خان کو عدالت نے مرسڈیز دی تھی، میں تو مرسڈیز استعمال ہی نہیں کرتا، پولیس نے عمران خان کی مرسڈیز کا بندوبست کیا تھا، اس بات کو پتا نہیں کیا سے کیا بنا دیا گیا، چیف جسٹس نے کہا کہ ہم نے آپ کو خوش آمدید کہا، گڈ ٹو سی یو کہا۔ الیکشن کمیشن کے وکیل سجیل سواتی نے اپنے دلائل میں کہا کہ عدالت ہمیشہ آئین کی تشریح زندہ دستاویز کے طور پر کرتی ہے، انصاف کا حتمی ادارہ سپریم کورٹ ہے، اس لیے دائرہ کار محدود نہیں کیا جاسکتا، مکمل انصاف اور آرٹیکل 190 کا اختیار کسی اور عدالت کو نہیں ہے۔

بقیہ 2

ملوث شرپسندوں کے گھناؤنے مقاصد تھے، ان حملوں سے پہلے منصوبہ بندی کی گئی تھی، گرفتار ملزمان نے بھی بتایا کہ حملوں کی پلاننگ پہلے کی گئی تھی، شرپسندوں کو وہاں پہنچنے میں سہولت کاری کی گئی۔ عمران خان نے افواج پاکستان کو سیاست کیلئے فریق بنا لیا، نواز شریف کے ساتھ جو گزشتہ 5 سال میں ہوا انہوں نے حملہ کرنے کا نہیں سوچا، عمران خان نے فوج کو اپنا مخالف تصور کرلیا۔ خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ ابھی پی ٹی آئی پر پابندی کا فیصلہ نہیں کیا گیا، تحریک انصاف پر پابندی کی بات ہوئی تو پارلیمنٹ سے رائے لی جائے گی، 9 مئی کے واقعات پر عسکری قیادت کے تحفظات جائز ہیں، بھارت کی جانب سے واقعات پر جشن منایا گیا۔

بقیہ 3

کو پتا چلے گا آپ سے بڑا کرپٹ کوئی نہیں، پاکستان کا سب سے اہم ادارہ عدلیہ ہے، جج کا عدلیہ کا احترام کرتے ہیں، ثاقب نثار کی کون عزت کرے گا جو سیاسی جماعتوں کی ٹکٹ بیچ رہا تھا، انہوں نے کہا کل عمران خان نے ٹوئٹ کیا کہ حیران ہوں جبری علیحدگیاں ہو رہی ہیں، خان صاحب ہم نے پاکستان میں 2018 سے پہلے جبری شمولیتیں بھی دیکھی ہیں، کیسے جہاز بھر بھر کر سیاست دانوں کی پی ٹی آئی میں شمولیت کروائی گئی، آپ کو جس طرح مصنوعی وزیراعظم بنایا گیا پاکستان کے عوام بھولے نہیں۔ شرجیل میمن نے کہا کہ لوگ آپ کے نظریے کی وجہ سے نہیں آئے تھے، جس طرح سے یہ جا رہے ہیں اس سے بھی زیادہ تیزی سے آئے تھے، اتحادی بھی خوش نہیں تھے، انہیں اتحادی بنائے گئے تھے ناجائز بلز پاس کیے جاتے تھے، انہوں نے کہا کہ عدلیہ کو سفارش نہیں سننی چاہیے، قانون اور آئین کے دائرے میں چلیں، قانون و آئین کے مطابق فیصلے دیں ہم دل سے عزت کریں گے، کوئی جج کیسے کسی کو منع کر سکتا ہے تفتیش کرنے سے، یہ سارے غیر قانونی غیر آئینی فیصلے ہیں۔

بقیہ 4

کے بحران اور معیشت کی ناکامی سے دوچار ہے، میرا مشورہ ہے کہ تمام سیاسی جماعتیں مل کر مذاکرات کریں اور 14 اگست 2023 کو نئے الیکشن کا اعلان کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ خیبر پختونخوا 1 ہزار ارب کا مقروض ہو گیا، وزیر نے بتایا کہ ہمارے پاس تنخواہوں کے پیسے نہیں ہیں، صوبے کو پی ٹی آئی کی گزشتہ حکومت نے تباہ کردیا۔ سراج الحق کا کہنا تھا کہ جماعت اسلامی کے کسی لیڈر کا نام توشہ خانہ اور پانامہ میں نہیں، ملک میں کرپشن فری جماعت اسلامی ہے، پی ڈی ایم، پی ٹی آئی، پی پی پی، ملک نہیں چلا سکتے، جماعت اسلامی آئی ایم ایف سے نجات دلاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم اور سیاسی جماعت کی لڑائی صرف کرسی کی لڑائی ہے، اسٹیبلشمنٹ پر حیرانگی ہے کہ اس نے ماضی سے نہیں سیکھا، پی ٹی آئی جیسی جماعت جس میں ٹرک، ٹریکٹر، ہیلی کاپٹر، موٹر سائیکل گاڑی ہر قسم کے پرزے ڈالے۔ سراج الحق نے مزید کہا کہ اسٹیبلشمنٹ نے 13 لاشوں کو پی ڈی ایم کی صورت میں کندھوں پر اٹھایا ہے، پی ڈی ایم اور اسٹیبلشمنٹ نے مصنوعی آکسیجن پر رکھا ہے۔

بقیہ 5

ہے کہ کیونکہ آج ہم شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے اکٹھے ہوئے ہیں، وہ شہدا ہیں جنہوں نے پاکستان کی مٹی اور اس وطن کے دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، لہو سے اس کی آبیاری کی، اور ہم شہدا کو کبھی نہیں بھول سکتے، یہ ہمارا اثاثہ اور قومی ہیروز ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ افواج پاکستان، قانون نافذ کرنے والے ادارے، پولیس، بیوروکریسی، انجینئرز کے افسران اور جوانوں نے اس ملک کے لیے قربانیاں دیں۔ 86 ہزار سے زائد قربانیوں کی وجہ سے یہ ملک میں امن آیا ہے، ہم 9 مئی کو یوم سیاہ کے طور پر یاد رکھا جائیگا، وزیراعظم نے زور دیا کہ تحریک انصاف کے شرپسندوں اور اسکے سربراہ عمران خان نے جس طرح لوگوں کو مشتعل کیا یہ ایک گھناؤنی منصوبہ بندی کے تحت کیا گیا جس کے ماسٹر مائنڈ عمران خان تھا، شہدا کو بری الزمہ قرار نہیں دے سکتے۔ انہوں نے کہا کہ کوئی سیاسی جماعت ایسا کرسکتی ہے کہ گرفتاری کی صورت میں ریاست پر حملہ کر دے، جب یہ حکومت میں آیا تو اس نے پوری اپوزیشن کو جیلوں میں ڈال دیا

بقیہ 6

پولیس نے حراست میں لے لیا۔ میڈیا کے مطابق پی ٹی آئی کی سابق رکن قومی اسمبلی صائمہ ندیم جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے غیر ملکی ایئرلائن کی پرواز ای کے 503 سے کینیڈا کے شہر ٹورنٹو جا رہی تھیں۔ ایف آئی اے حکام نے انہیں بیرون ملک جانے سے روکتے ہوئے پرواز سے آف لوڈ کیا اور اس وقت تک روک کر رکھا جب تک جہاز نے پرواز نہیں بھری۔ بعد ازاں صائمہ ندیم کو باہر جانے کی اجازت دی گئی جہاں سے پولیس نے انہیں حراست میں لیا اور روانہ ہوگئی۔ ذرائع کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں کے پاس پہلے سے بیرون ملک فرار ہونے والی پی ٹی آئی قیادت کی فہرست موجود ہے اور اس فہرست میں صائمہ ندیم کا نام بھی شامل تھا

بقیہ 7

۔ افواج پاکستان ملکی سرحدوں کی محافظ اور سلامتی کی ضامن ہے۔ ان خیالات کا اظہار آل پاکستان پرائیویٹ سکول مینجمنٹ ایسوسی ایشن راولپنڈی ڈویژن کے صدر ابرار احمد خان، کرنل رفو احنیف، مسز سکینہ تاج اور راجہ وسیم سیفی و دیگر نے افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کے سلسلے میں نکالی جانے والی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ریلی میں اپسما کے قائدین عامر انور، آغا شہاب مقصود، کرنل رفو احنیف، مسز سکینہ تاج، ملک شہزاد رشید، عدنان نثار، وسیم سیفی، کامران سیف، راجہ ثنا اللہ، راجہ اعجاز، ملک طاہر محمود، عبید الرحمٰن، ڈاکٹر طاہر شہزاد، شیر علی، چوہدری افتخار، نعیم اکبر، ڈاکٹر علی گوہر، عابد نجم، قاری محمد یاسین، شکیل اختر، شاہد یوسف، راجہ آصف محمود، شاہد جمیل، مصطفین سجاد، محمد کامران، محمد انوار، قاری ربانی کے علاوہ خواتین اساتذہ اور سینکڑوں طلبا وطالبات نے شرکت کی۔ ابرار احمد خان نے کہا کہ شہدا ہمارا فخر ہیں انکی یادگاریں جلانے والے دشمن کے ناپاک ایجنڈے پر کام کر رہے ہیں اور یہ کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ پاکستان بنانے والوں کی نسلیں اپنی جان سے بڑھ کر اس کی حفاظت کے لیے اپنا تن من دھن قربان کرنے کے لیے ہر وقت تیار ہیں۔ اساتذہ سکول اسمبلی میں طلبا وطالبات کے دلوں میں وطن اور افواج پاکستان سے محبت کے جذبات کو پروان چڑھائیں نوجوان نسل کو ففتھ جنریشن وار کی طرف شعوری طور پر دھکیلا جا رہا ہے۔ کرنل رفو احنیف، وسیم سیفی اور مسز سکینہ تاج نے کہا کہ پاک فوج ہماری بقاء اور سلامتی کی ضامن ہے۔ یہ ملک اور اسکی فوج ہماری ریڈ لائن ہیں۔ ریلی کا آغاز راولپنڈی پریس کلب سے شروع ہوا اور کمیٹی چوک سے ہو کر واپس پریس کلب پر ہوا۔ ریلی میں شریک اساتذہ اور طلبہ نے پاکستان آرمی کے حق میں نعرے لگائے۔ ریلی شرکا نے سبز ہلالی پرچم اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے۔

بقیہ 8

میں ضمنی انتخابات روک دیئے ہیں۔ لاہور ہائیکورٹ میں دائر درخواست میں سیکرٹری الیکشن کمیشن، سیکرٹری کیبنٹ اور قومی اسمبلی کو فریق بنایا گیا ہے۔ عدالت میں دائر درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ دونوں حلقوں میں 28 مئی کو ضمنی الیکشن منعقد کیے جانے ہیں، قومی اسمبلی کی مدت 90 روز سے کم رہ گئی ہے، قانونی طور پر ضمنی الیکشن ان حلقوں میں نہیں ہوسکتے، پشاور ہائیکورٹ نے بھی خیبر پختونخوا میں ہونے والے انتخابات کو ملتوی کردیا ہے، لہٰذا این اے 108 اور 118 میں الیکشن روکنے کا حکم دیا جائے۔ لیکن درخواست گزار نے ایک موقف میں کہا ہے کہ الیکشن کمیشن ایک طرف کیا ہے، پنجاب میں الیکشن نہیں کرواسکتے، دوسری طرف دونوں حلقوں کے لیے فنڈز جاری کرکے ضمنی الیکشن کروایا جا رہا ہے۔ لاہور ہائیکورٹ نے سیکرٹری الیکشن کمیشن، سیکرٹری کیبنٹ اور قومی اسمبلی کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا۔ لاہور ہائیکورٹ نے دلائل سننے کے بعد گزشتہ روز فیصلہ محفوظ کیا تھا

بقیہ 9

کے پاس اڑادی، دھماکے کے نتیجے میں پاک فوج کے نائیک سید اللہ شاہ اور سپاہی جواد خان شہید ہو گئے۔ دھماکے کے باعث خیبر پختونخوا پولیس ڈیپارٹمنٹ کے کانسٹیبل حکیم جان اور ایک معصوم شہری بھی شہید ہو گیا جبکہ سیکیورٹی فورسز کی فوری جوابی کارروائی سے بڑی تباہی کو روک لیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے معصوم جانوں کو بچانے کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گردی کی لعنت کو ختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کا کہنا ہے کہ ہمارے بہادر فوجیوں اور معصوم شہریوں کی ایسی قربانیاں دہشت گردی کے خلاف ہمارے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔

بقیہ 10

9 مئی کے واقعات کی وجہ سے پی ٹی آئی چھوڑ کر پیپلز پارٹی میں شامل ہو گئے۔ انہوں نے سابقہ ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی فیصل کریم کنڈی کے ساتھ پریس کانفرنس میں شمولیت کا اعلان کیا۔ عثمان ترکئی 2018 میں پی ٹی آئی میں شامل ہونے سے پہلے آزاد حیثیت سے دو مرتبہ الیکشن جیت چکے ہیں۔ پی پی پی میں ان کی شمولیت سے صوابی میں ایک نئے سیاسی باب کا آغاز ہو گیا ہے۔

بقیہ 11

میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اساتذہ، طلباء کی تعلیمی، معاشرتی اور اخلاقی پرورش کے ذریعے معاشرے کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ امیر البحر نے پاک بحریہ کی تعلیمی کاوشوں کی نشاندہی کی جس میں ملک کی طول و عرض میں قائم بحریہ یونیورسٹی، کالجز اور اسکولز شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ آف دی آرٹ کیڈٹ کالج اور ماڑہ کی تعمیر بھی بلوچستان کے ساحلی آبادی کو معیاری تعلیم فراہم کرنے کیلئے پاک بحریہ کی کوششوں کی مثال ہے۔ امیر البحر نے اسکول کی تعمیر، معیاری انفراسٹرکچر اور جدید تعلیم کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے مالی امداد پر حکومت سندھ کا شکریہ ادا کیا۔ قبل ازیں استقبالیہ خطاب کے دوران وزیر تعلیم سندھ سید سردار علی شاہ نے ملک میں معیاری تعلیم کے فروغ کیلئے پاک بحریہ کی کاوشوں کی تعریف کی۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے اپنے خطاب میں نیول چیف کی جانب سے نوجوان نسل کی تعلیم کے لیے کیے گئے اقدامات کو بھی سراہا۔

بقیہ 12

کا اس وقت کوئی نمائندہ نہیں ہے، جب تک اسمبلیاں نہیں بنیں گی قانون سازی نہیں ہوسکتی۔ بیرسٹر علی ظفر کا کہنا تھا کہ اگر کوئی جماعت انتشار پھیلا رہی ہو تو اس کے مختلف قوانین ہیں، ماضی میں جماعت اسلامی پر پابندی لگانے کی کوشش کی گئی، اس وقت سپریم کورٹ نے قرار دیا تھا کہ اس طرح پابندی نہیں لگائی جاسکتی۔ انہوں نے کہا کہ توڑ پھوڑ کی بنیاد پر سزا ہوسکتی ہے، کسی سیاسی جماعت پر پابندی نہیں لگ سکتی، پابندی کا اقدام الٹا ہوگا میرا خیال ہے کہ کالعدم ہو جائے گا۔ یاد رہے کہ وزیر دفاع خواجہ آصف نے پریس کانفرنس کی اور کہا تھا کہ پی ٹی آئی پر پابندی لگانے کا جائزہ لیا جا رہا ہے، تحریک انصاف پر پابندی کی بات ہوئی تو پارلیمنٹ سے رائے لی جائے گی۔ 9 مئی کے واقعات اچانک نہیں منصوبہ بندی کے تحت ہوئے ہیں، عسکری تنصیبات پر حملہ کیا گیا، یہ دشمن کے بھی خواب تھے جو عمران خان کے عزائم کے ذریعے پورے ہوئے۔ عسکری تنصیبات پر حملہ چیئرمین پی ٹی آئی کا آخری حربہ تھا، عمران خان نے افواج پاکستان کو سیاست کیلئے فریق بنایا، یہ سب ایک پلان کے تحت ہوا تھا۔ انہوں نے کہا کہ 9 مئی کے واقعات میں ملوث شرپسندوں کے مقاصد گھناؤنے تھے، ان حملوں سے پہلے منصوبہ بندی کی گئی، شرپسندوں کو وہاں پہنچانے میں سہولت کاری کی گئی۔ ماضی میں بہت واقعات ہوئے مگر کسی جماعت نے دفاعی تنصیبات پر حملہ نہیں کیا۔ کون سا جرم ہے جو 9 مئی کو سرزد نہیں ہوا۔

بقیہ 13

ہائی کورٹ سے بری، مقدمہ کی پیروی عامر شفیق قریشی ایڈووکیٹ نے کی ملزم اورنگزیب ساکن بھنگالی کھینگر کے خلاف fir میں الزام تھا کہ اس نے فائرنگ کر کے مسمات شازیہ کو مورخہ 8 مارچ 2019 کو قتل کر دیا ایڈیشنل سیشن جج گوجرخان نے مورخہ 31 مئی 2021 کو سزائے موت اور 5 لاکھ روپے ہرجانے کی سزا سنائی تھی جس کے خلاف ہائی کورٹ میں سزا کے خلاف اپیل دائر کی گئی جس میں ہائی کورٹ کے جناب جسٹس صداقت علی خان اور جناب جسٹس وقاص روف مرزا نے ملزم کے وکیل عامر شفیق قریشی ایڈووکیٹ کے ٹھوس مدلل دلائل سے اتفاق کرتے ہوئے ملزم کو باعزت بری کر دیا

بقیہ 14

7 کس ملزمان کے خلاف بعدالت جناب چوہدری قاسم جاوید ایڈیشنل سیشن جج گوجرخان کی کورٹ میں حکیم خان نظامی کی جانب سے دائر کیا گیا جس میں اسد محمود، پرویز، طارق محمود، چوہدری خلیل احمد، چوہدری شکیل، احمد، محمد جمیل اور مسعود پر قبضہ مافیا ہونے کا الزام عائد کیا گیا تھا ملزمان کی جانب سے کیس کی پیروی ایڈووکیٹس اسد تویید بھٹی، رانا منیر شمس، راجہ عدیل حیدر بھٹی نے کی استغاثہ اپنا کیس معزز عدالت میں ثابت کرنے میں بری طرح ناکام ہو گیا معزز عدالت نے ملزمان کے وکلا کے مدلل اور ٹھوس دلائل کے ساتھ اتفاق کرتے ہوئے 10 صفحات پر مشتمل فیصلہ جاری کرتے ہوئے تمام ملزمان کو بے بنیاد الزامات سے باعزت بری کر دیا معزز عدالت کے معزز ایڈیشنل سیشن جج قاسم جاوید نے اپنے ریمارکس دیتے ہوئے کہا اس عدالت کو یہ مشاہدہ کرنے پر مائل کیا گیا ہے مندرجہ بالا حقائق اور معاملے کے حالات کے پیش نظر یہ مانا جاتا ہے کہ استغاثہ اپنا مقدمہ معقول شکوک وشبہات سے بالاتر ثابت کرنے میں بری طرح ناکام رہا ہے اس لیے شکوک کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ملزمان اسد محمود، پرویز، طارق محمود، خلیل احمد، شکیل شامل ہیں۔ احمد، محمد جمیل اور مسعود کو الزام سے بری کر دیا گیا ہے۔ ملزمان عدالت میں موجود ہیں ضمانت پر ہیں ان کے ضامن ذمہ داریوں سے بری ہو گئے کیس پراپرٹی کو قانون کے مطابق نمٹایا جائے اگر کوئی ہو

بقیہ 15

میدان میں اتر چکے ہیں۔ جہانگیر ترین رازداری سے کام کرتے ہیں۔ وہ جو کچھ کر رہے ہوتے ہیں پتہ نہیں چلنے دیتے۔ وہ رازداری سے اپنے معاملات چلانا جانتے ہیں۔ جب ان کی عمران خان سے دوریاں پیدا ہوئیں تو میں نے ان سے پوچھا کہ آخر کیا ہوا جس پر انہوں نے کہا کہ میں نہیں سمجھ سکا۔ جہانگیر ترین تب اس پر تبصرہ نہیں کرنا چاہتے تھے اور رازداری رکھنا جانتے ہیں۔ ہارون الرشید نے مزید کہا کہ جہانگیر ترین نے بہت ترقی کی، حکومتوں میں مشیر بھی رہے۔ جہانگیر ترین وزیراعظم بننے کا خواب دیکھتے ہیں۔ اگر شہباز شریف، نواز شریف اور بلاول بھٹو وزیراعظم کے امیدوار ہیں تو ایک امیدوار جہانگیر ترین ہیں۔ اگر نواز شریف کی نااہلی ختم ہوتی ہے تو جہانگیر ترین کو اس کا بھی فائدہ ہوگا۔ جہانگیر ترین سے 20 اراکین اسمبلی کی ملاقات ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور میں دفتر بھی کھول لیا جس کا مطلب ہے کہ نئی سیاسی جماعت بن سکتی ہے۔ کیونکہ شریف برادران اور بلاول بھٹو کو لوگ نہیں دیکھنا چاہتے۔ ہارون الرشید نے مزید کہا کہ جہانگیر ترین وزیراعظم بھی بن سکتے ہیں اور وزیراعلیٰ بھی بن سکتے ہیں۔ خیال رہے کہ چند روز قبل میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سینیئر سیاستدان جہانگیر خان ترین نے کہا تھا کہ ایک بڑے مقصد کے لیے جہاز کو رکھا تھا، کوشش تھی کہ نیا پاکستان بنے گا، تمام غریب کی آواز سنی جائے، آنے والی نسلوں کا مستقبل بہتر ہو لیکن افسوس ایسا نہ ہو سکا۔ عمران خان سے سیاسی وابستگی اور دوستی تھی جو دو سال پہلے ختم ہو چکی ہے

بقیہ 16

پاکستان تحریک انصاف کے کئی رہنما پارٹی چھوڑنے کا اعلان کر چکے ہیں۔ گزشتہ روز پاکستان تحریک انصاف کی رہنما شیریں مزاری اور فیاض الحسن چوہان نے بھی پارٹی چھوڑنے کا اعلان کیا جب کہ عامر کیانی بھی پارٹی کو خیرباد کہہ چکے ہیں۔

بقیہ 17

اے سی گوجرخان نے پٹرولیم مصنوعات کی کوالٹی اور پیمانے چیک کرنے کے لیے جی ٹی روڈ پر مختلف پٹرول پمپس کو چیک کیا اور پیمانہ کم ہونے پر پی ایس او پمپ حبیب چوک کو 25 ہزار کا جرمانہ عائد کر دیا اے سی گوجرخان نے پٹرول پمپس مالکان کو تنبیہ کرتے ہوئے کہا کہ ناپ تول پیمانے کی کمی کے مرتکب کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں عوام کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے والوں کے خلاف سخت سے سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے پٹرول پمپس مالکان کو کہا کہ گورنمنٹ کے جاری کردہ نرخوں پر پیٹرولیم مصنوعات کی فروخت کو یقینی بنایا جائے اور پورے ناپ تول کے ساتھ فروخت کیا جائے بصورت دیگر قانونی کارروائی اور جرمانے کیے جائیں گے

بقیہ 18

۔ ملک میں جدید ترین آئل ریفائنری لگانا چاہتے ہیں۔ مصدق ملک نے کہا ملک میں 4 لاکھ بیرل یومیہ کی ریفائنری لگانا چاہتے ہیں۔ پاکستان کی پٹرول اور ڈیزل کی سالانہ ضروریات 20 سے 21 ملین ٹن ہے۔ 2032 تک ملک میں پٹرول اور ڈیزل کی سالانہ کھپت 33 ملین ٹن تک پہنچ جائے گی۔ پاکستان نے نئی گرین فیلڈ آئل ریفائنگ پالیسی کی منظوری دے دی ہے۔ جس سے ملک میں سرمایہ کاری آئے گی۔ پاکستان میں معاشی ترقی کے لیے انرجی سیکورٹی ضروری ہے۔ ان سرمایہ کاروں کو ٹیکس چھوٹ دی ہے۔ مصدق ملک نے بھی بتایا کہ روس سے خام تیل کا جہاز 27-28 مئی کو عمان پہنچ رہا ہے اور پھر عمان سے یہ خام تیل چھوٹے جہازوں کے ذریعے پاکستان پہنچے گا۔ جہاز سے ایک لاکھ ٹن تیل 10 سے 15 دنوں میں پاکستان پہنچ جائے گا۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ احتساب ہر کسی کا ہونا چاہیے، برطانوی قانون کے مطابق 190 ملین پاؤنڈ کی کرپشن کی، برطانوی قانون کے مطابق 190 ملین پاؤنڈ کی رقم قومی خزانہ میں جمع ہونی چاہیے تھی اور یہ رقم عوام کی فلاح وبہبود پر خرچ ہونا چاہیے تھی۔

بقیہ 19

۔ جب عمران خان کو گرفتار کیا گیا اس وقت میں لکھنؤ شہر میں تھا، عمران خان نے گرفتاری کے متعلق 8 مئی کو مجھ سے کوئی رابطہ نہیں کیا

بقیہ 20

کہ زمان پارک کے گردونواح میں پی ٹی آئی کارکنوں کی جانب سے کیمپ لگائے جانے سے پہلے گرین بیلٹ پر پودے لگے ہوئے تھے اور کارکنوں کے کیمپ لگنے کے باعث تمام پودے اکھڑ گئے تھے، ضلعی انتظامیہ کی جانب سے زمان پارک سے تجاوزات ہٹانے کے بعد پی ایچ اے انتظامیہ دوبارہ سے زمان پارک گرین بیلٹ پر پودے لگانے کا عمل جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ 21

چھوڑتے تھے جن میں انہوں نے کہا کہ وہ بے قصور ہیں۔ آج بھی خدیجہ شاہ کو انسداد دہشت گردی عدالت پہنچا دیا گیا۔ اس موقع پر خدیجہ شاہ کا چہرہ کپڑے سے ڈھانپا ہوا تھا۔ خدیجہ شاہ کو دو خواتین سمیت عدالت میں پیش کیا گیا۔ انسداد دہشتگردی عدالت نے خدیجہ شاہ کو 7 دن کے لیے پولیس کے حوالے کر دیا، خدیجہ شاہ کو شناخت پریڈ کے لیے پولیس کے حوالے کیا گیا۔ انسداد دہشتگردی عدالت نے شناخت پریڈ مکمل کر کے خدیجہ شاہ کو دوبارہ 30 مئی کو پیش کرنے کا حکم دیا۔ علاوہ ازیں عدالت نے خدیجہ شاہ کے شوہر کو بھی ان سے ملاقات کی اجازت دی۔ دوسری جانب لاہور ہائیکورٹ نے سابق وزیر خزانہ ڈاکٹر سلمان شاہ کی بیٹی معروف فیشن ڈیزائنر خدیجہ شاہ کی گرفتاری کے بعد ایف آئی آرز کی فراہمی کے لئے دائر درخواست پر 26 مئی کو پولیس سے مقدمات کا ریکارڈ طلب کرلیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ ملزمہ نے خود کو قانون کے حوالے کر دیا ہے تو ایف آئی آرز کا ریکارڈ فراہم کرنے میں کیا روکاوٹ ہے، عدالت نے حکم دیا کہ ایف آئی آرز کی تفصیلات مہیا کی جائیں تا کہ وہ اپنے لیے قانونی چارہ جوئی کر سکیں، جسٹس انوار الحق پنوں نے سابق وزیر خزانہ ڈاکٹر سلمان شاہ کی اپنے اور فیملی ممبرز کو ہراساں کرنے کے خلاف اور خدیجہ شاہ کے خلاف درج ایف آئی آرز کی فراہمی کے لیے دائر درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار سلمان شاہ کی جانب سے وکلا خواجہ احمد طارق رحیم اور اظہر صدیق پیش ہوئے اور عدالت کو بتایا کہ سابق وزیر خزانہ کی بیٹی خدیجہ شاہ نے گزشتہ روز گرفتاری دے دی ہے لیکن ابھی تک مقدمات کا ریکارڈ پیش نہیں کیا جارہا۔ عدالت نے حیرت کا اظہار کیا کہ اب ریکارڈ فراہم کرنے میں کیا رکاوٹ ہے۔ عدالت نے پولیس سے مقدمات کا ریکارڈ طلب کرتے ہوئے سماعت کل 26 مئی تک ملتوی کردی

بقیہ 22

وزیر قانون فروغ نسیم پر ذمہ داری ڈالتے ہوئے کہا کہ وزیر قانون کے مشورے سے جرمانے کے پیسے سپریم کورٹ کے اکاؤنٹ میں ایڈجسٹ کیے گئے اس حوالے سے سابق وزیر قانون فروغ نسیم نے عمران خان کے دعوے کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ میں نے ایسا کوئی مشورہ عمران خان کو نہیں دیا تھا اور اس کابینہ اجلاس کے ایجنڈے میں یہ معاہدہ شامل ہی نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ وزارت قانون کی جانب سے ایسی کوئی سمری بھیجی ہی نہیں گئی تھی، نہ ہی عمران خان کو میری وزارت نے مشورہ دیا کہ اگر 190 ملین پاؤنڈز پاکستان نے نہ لیے تو یہ برطانیہ میں رہ جائیں گے۔ فروغ نسیم نے کہا کہ عمران خان نے خود 190 ملین پاؤنڈز سپریم کورٹ کے اکاؤنٹ میں ایڈجسٹ کرنے کا فیصلہ کیا، وزارت قانون نے ان سے اس حوالے سے انہیں کوئی مشورہ نہیں دیا اور اس حوالے سے سارے حقائق ریکارڈ پر موجود ہیں

بقیہ 23

پھر انہیں دوبارہ گرفتار کرنے کی تیاری تھی۔ انہوں نے کہا کہ شیریں مزاری ہیومن رائٹس کی چیمپئن ہیں انہیں توڑنے کی کوشش کی گئی، ان کو کسی کے گھر کی دیوار گرادی، کسی کا کاروبار ختم کر دیا گیا، کسی کو کاپیر توڑ دیا۔ فرخ حبیب نے کہا کہ لوگوں کے خلاف غیر قانونی کارروائیاں کی جا رہی ہیں، خرم دستگیر کا پٹرول پمپ گرایا گیا اگر غیر قانونی ہے تو تعمیر کیوں کیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ آج ہمارے لوگوں کے قانونی کاروبار کو غیر قانونی طریقے سے ختم کیا جا رہا ہے

بقیہ 24

کوئی تعلق نہیں، انہوں نے کہا کہ آج پاکستانی عوام سے بات کرنا چاہتی ہوں، ایک مسلمان ہونے کی وجہ سے برائی کو سپورٹ نہیں کرسکتی۔ نادیہ شیر نے مزید کہا کہ سیاسی جماعت میں مسائل ہوتے ہیں لیکن ان کی حد ہوتی ہے، پی ٹی آئی میں عمران خان کے سوا کسی کو نہیں سنا جاتا۔ ان کا کہنا تھا کہ جہانگیر ترین، عون چوہدری اور فیصل واوڈا اس کی مثال ہیں، پارٹی رہنماؤں کی کوئی رائے دینا چاہے تو اسے سائیڈ لائن کر دیا جاتا ہے۔ سابق ایم پی اے خیبر پختونخوا نے یہ بھی کہا کہ پی ٹی آئی کی بنیادی رکنیت سے مستعفی ہو رہی ہوں

بقیہ 25

جنرل ذیشان رانجھا اور ایڈیشنل کمشنر ریونیو پر مشتمل تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دے دی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق لاہور ڈویژن میں مفت آٹا اسکیم کی مد میں 100 سے زائد آٹے کے ٹرکوں کی تلاش جاری ہے۔ غائب ہونے والے آٹے کی قیمت تقریباً 13 کروڑ روپے بتائی گئی ہے۔ تحصیل سٹی میں 84 آٹے کے ٹرک کہاں غائب ہو گئے، انتظامیہ کو کچھ معلوم نہیں جبکہ دیگر 4 تحصیلوں میں 18 ٹرکوں کے تھیلے غائب ہیں، شناختی کارڈز دیکھ کر دیئے جانے والے آٹے کے تھیلوں میں واضح فرق ہے، ڈیٹا انٹری سے آٹے کے غائب ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ آٹا فلور ملز سے جاری ہوا، پٹواریوں نے تصدیق کی لیکن اس کا کہاں غائب ہوا اس کا تا حال کچھ معلوم نہیں ہو سکا۔ ڈپٹی کمشنر لاہور رافعہ حیدر نے معاملے کا فوری ایکشن لیتے ہوئے ایڈیشنل کمشنر جنرل ذیشان رانجھا اور ایڈیشنل کمشنر ریونیو پر مشتمل تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دے دی۔ ڈپٹی کمشنر کے مطابق معاملات کی تحقیقات کے بعد صورتحال واضح ہو جائے گی۔ اگر مفت اسکیم کا آٹا غائب ہوا تو کسی کی ملوث ہونے پر سخت کارروائی ہوگی۔ پنجاب میں مجموعی طور پر 18 لاکھ مفت آٹے کے تھیلے غائب ہیں، لاہور کے علاوہ قصور، شیخوپورہ اور ننکانہ صاحب میں بھی مفت تقسیم کیے جانے والے آٹے کے تھیلے غائب ہونے کی شکایات موصول ہوئی ہیں۔ ضلع قصور میں 2 لاکھ سے زائد آٹے کے تھیلوں کی کمی سامنے آئی ہے۔ کمشنر لاہور محمد علی رندھاوا نے تمام ڈی سی اوز سے آٹے کا ریکارڈ طلب کرلیا ہے۔

بقیہ 26

پہنچادیا گیا تاہم 2 گھنٹے گزرنے کے باوجود عدالت پیش نہیں کیا جاسکا۔

بقیہ 27

کے مطابق تعلیمی بورڈ فیصل آباد میٹرک پاس طلبا وطالبات کو دو سال کے عرصہ میں اسناد جاری کرتا تھا لیکن اب دو سال کا عرصہ گزرنے کے باوجود طلبا وطالبات کو اسناد نہیں ملی اگر کسی کو ضرورت ہو تو تعلیمی بورڈ فیصل آباد سند کی فیس 6000 روپے جمع کروانے کی شرط عائد کر دی گئی ہے جبکہ تعلیمی بورڈ فیصل آباد کی فیس داخلے کے وقت طلبا و طالبات سے وصول کر لیتا ہے وقت پر سند جاری نہ کرنا تعلیمی بورڈ فیصل آباد کی نااہلی اور غلطی کا نتیجہ طلبا و طالبات کو بھگتنا پڑ رہا ہے۔ جس کی وجہ سے سراسر زیادتی ہے غریب طلبا و طالبات مہنگائی کے موجودہ دور میں 6000 روپے کہاں سے لائے اس طرح میٹرک پاس طلبا وطالبات اپنی اسناد کے حصول کیلئے خوار ہو رہے ہیں پرائیویٹ سکولز فورم کے عہدیداران رانا شاہد مقصود، ندیم سندھو، میاں ندیم احمد، حاجی جاوید اقبال، چوہدری گلزار حسین، رانا خلیل احمد، رانا اسامہ اسلم، عارف سندھو، محمد سعید علوی، میاں ذوالفقار احمد، امجد حسن گیلانی، و دیگر نے چیئرمین اور سیکرٹری تعلیمی بورڈ فیصل آباد سے مطالبہ کیا ہے کہ میٹرک پاس طلبا وطالبات کو فوری طور پر اسناد جاری کی جائے

بقیہ 28

کی تاریخ میں نہیں ہوا تحریک انصاف نے سوچی سمجھی سازش کے تحت یہ سب کیا۔ حکومت کو تحریک انصاف کے خلاف کارروائی کرکے بین کر دینا چاہیے۔ خیال رہے کہ سینئر رہنما تحریک انصاف سابق رکن صوبائی اسمبلی میاں جلیل احمد شرقپوری نے بھی تحریک انصاف کو خیرباد کہہ دیا تھا۔ منگل کو لاہور پریس کلب میں پر ہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے میاں جلیل شرقپوری نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت کو ختم کرنے میں عدم اعتماد میں پاک فوج کا کوئی کردار نہیں تھا عمران خان فوج کو بلاوجہ تنقید کا نشانہ بنا رہے ہیں 9 مئی کو پیش آنے والے واقعات باعث شرم کی بات ہے پی ٹی آئی کارکنوں اور قیادت کو اس حد تک نہیں جانا چاہیے تھا عمران خان تحریک انصاف کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے جہانگیر ترین اور عبدالعلیم خان جیسے دوست پارٹی سے دلبرداشتہ ہو کر گئے جو تحریک انصاف کی بربادی کا سبب بنا ہے میاں جلیل شرقپوری نے مزید کہا کہ تحریک انصاف کی ٹکٹوں کی تقسیم بھی غیر منصفانہ طریقے سے ہوئی جو قابل مذمت ہے میں کسی حلقہ سے امیدوار نہیں لیکن میرے حلقہ کی ٹکٹ دیتے ہوئے مجھ سے پارٹی نے مشورہ نہیں کیا میں تحریک انصاف کو خیر باد کہنے کا اعلان کرتا ہوں اور ملکی سالمیت کی ضامن پاک فوج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہونے کا اعلان کرتا ہوں 9 مئی کے واقعات میں شامل افراد اور پی ٹی آئی قیادت کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے

بقیہ 29

لہ جیل سے رہائی کے بعد دوبارہ گرفتار کر کے ایم پی او کے تحت 15 دن کے لیے نظر بند کر دیا گیا ہے۔ جس کا نوٹی فکیشن ڈپٹی کمشنر راولپنڈی نے جاری کیا۔ ایک روز قبل مسرت جمشید چیمہ اور جمشید چیمہ کے وکیل نے دعویٰ کیا تھا کہ دونوں نے پی ٹی آئی چھوڑنے کا فیصلہ کرلیا ہے تاہم مسرت جمشید چیمہ کے بیان کے بعد وکیل کا دعویٰ ہوا میں اڑگیا ہے

بقیہ 30

عرب، چین، ترکیہ اور انڈونیشیا نے شرکت نہ کر کے واضح پیغام دیا ہے۔ چیئرمین پاکستان علماء کونسل نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر متنازع علاقہ ہے، وہاں اس طرح کا اجلاس عالمی قوانین کی خلاف ورزی ہے

بقیہ 31

پیپلز پارٹی میں شمولیت پر خوش آمدید کہتے ہیں، تحریک انصاف والے کہتے ہیں ہم نے آزادی لینی ہے لیکن آج عمران خان اپنے ورکرز کا ساتھ دینے کو تیار نہیں۔ عمران خان کو اہلیہ کی فکر ہے کارکنوں کی نہیں، چیئرمین پی ٹی آئی نے کارکنوں کو گمراہ کرنے کے علاوہ کچھ نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ فیاض الحسن چوہان نے پریس کانفرنس میں بتایا تھا کہ کس طرح اداروں کیخلاف بولنے کو کہا جاتا ہے، انقلاب کیلئے قربانیں اور جیلیں کاٹنا پڑتی ہیں۔ امریکہ سے آزادی اور امریکہ کی غلامی تک کا سفر قوم نے دیکھا، عمران خان نے امریکا کو خوش کرنے کیلئے یہ سارا کھیل رچایا۔ یاد رہے کہ 9 مئی کے واقعات کے بعد تحریک انصاف کے متعدد رہنما پارٹی کو خیرباد کہہ چکے ہیں ان میں محمود مولوی، عامر کیانی اور فیض اللہ کموکا سمیت دیگر شامل ہیں۔ اسی طرح گزشتہ روز سابق وفاقی وزیر شیریں مزاری اور فیاض الحسن چوہان نے رہائی کے بعد پی ٹی آئی چھوڑنے کا اعلان کیا تھا۔ شیریں مزاری نے کہا تھا کہ ریاستی علامتوں کو نشانہ بنانے کی سب کو مذمت کرنی چاہیے، 12 دن قید میں رہی اس دوران صحت بھی متاثر ہوئی اور میری بیٹی کو بھی آزمائش سے گزرنا پڑا۔ شیریں مزاری نے کہا کہ اس کے بعد میں سیاست چھوڑنے کا اعلان کرتی ہوں، آج سے پی ٹی آئی یا کسی بھی سیاسی جماعت کا حصہ نہیں ہوں گی۔

بقیہ 32

تجربے اور جیوفینسنگ سے پی ٹی آئی کی اعلیٰ قیادت اور بلوائیوں کے درمیان رابطوں کا انکشاف ہوا ہے۔ جیوفینسنگ ریکارڈ سے حاصل ہونے والی معلومات کے مطابق حساس تنصیبات پر حملوں کا منصوبہ مبینہ طور پر 8 مئی کو زمان پارک میں تیار کیا گیا۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ زمان پارک سے 6 اہم شخصیات سے رابطوں کا ریکارڈ سامنے آیا۔ یاسمین راشد، حماد اظہر، محمود الرشید، اعجاز چوہدری، اسلم اقبال اور مراد راس بلوائیوں سے رابطوں میں رہے۔ 75 بار موبائل فون رابطوں کے ساتھ محمود الرشید سر فہرست ہیں۔ جیوفینسنگ ریکارڈ کے مطابق 8 مارچ کو زمان پارک اور 9 مئی کو جناح ہاؤس میں ہونے والے حملے میں 154 موبائل نمبرز سامنے آئے۔ رپورٹ کے مطابق 215 کالز 9 مئی کو 6 رہنماؤں کے ساتھ رابطے میں رہے۔ 75 بار بلوائیوں کے ساتھ موبائل فون رابطوں کے ساتھ محمود الرشید سر فہرست رہے۔ یاسمین راشد کا رابطہ بذریعہ کال 41 بار ہوا۔ حماد اظہر کے موبائل نمبر سے 10 کالز شرپسندوں کو کی گئیں۔ اعجاز چوہدری کی جانب سے کی جانے والی 50 کالز ریکارڈ میں آئیں۔ اسلم اقبال نے 16 جب کہ مراد راس نے 23 کالز جناح ہاؤس میں موجود بلوائیوں کو کیں

بقیہ 33

مکینک تھا اور مقتول کی الطاف گجر روڈ پر موٹر سائیکل مکینک کی شاپ تھی۔ ایس ایچ او شکیل صدیقی نے دعویٰ کیا ہے کہ مقتول نوجوان کو 2 نامعلوم مسلح ملزمان نے فائرنگ کر کے قتل کیا ہے۔ مقتول نوجوان کو 2 گولیاں لگی جو جان لیوا ثابت ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ مقتول نوجوان سے لوٹ مار کی کوئی واردات نہیں ہوئی کیونکہ مقتول نوجوان کے پاس موبائل فون، نقدی اور موٹر سائیکل بھی موجود ہے اس لیے فائرنگ کا واقعہ ذاتی دشمنی کا شاخسانہ معلوم ہوتا ہے۔ پولیس نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھا کر کے واقعے کی مختلف پہلوؤں پر تفتیش شروع کر دی ہے

بقیہ 34

انٹی کرپشن پولیس کو دی گئی درخواست میں موقف اختیار کیا کہ ڈسٹرکٹ جیل انتظامیہ نے قیدیوں کو چکی بند کرنے اور بند چکی سے نکالنے وکالت نامے پر دستخط کرنے، عام ملاقات سمیت بغرض حفاظت سامان قیدی تک پہنچانے کے مختلف ریٹ مقرر کر رکھے ہیں۔ ڈسٹرکٹ جیل شیخوپورہ میں اہلکاروں کا اس مخصوص ٹولہ بھاری رشوت لیکر مراعات دیتا ہے۔ درخواست گزار سجاد علی کا جیل انتظامیہ پر الزام عائد کرتے ہوئے مزید کہنا تھا کہ دوران اسیری راتی ملازمین مجھ سے چکی کھولنے کے ماہانہ 20 ہزار روپے لگا تار 5 ماہ تک وصول کرتے رہے بعد ازاں یہ ریٹ بڑھا کر 25 ہزار روپے کر دیا گیا جبکہ چکی سے بیرک میں منتقل کرنے کے 1 لاکھ روپے وصول کیے گئے۔ شہری نے ڈائریکٹر اینٹی کرپشن سے ڈسٹرکٹ جیل شیخوپورہ کے رشوت خور عملے کیخلاف کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 35

ریسکیو آپریشن کی تیاری میں مدد ملے گی۔ راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے اس موقع پر صفائی آگاہی کیمپ لگا کر ایونٹ میں آنیوالے شہریوں کو صفائی مہم کے حوالے سے آگاہی فراہم کی اور پمفلٹس تقسیم کیے

بقیہ 36

ہوئے موبائل فونز اور قیمتی سامان سمیت فرار ہو گئے۔ بعد ازاں واقعہ کی اطلاع پولیس کو دی تو پولیس نے کارروائی عمل میں لاتے ہوئے ناکہ بندیاں کرتے ہوئے مذکورہ لڑکیوں کی تلاش شروع کر دی، تاہم ابھی تک پولیس ڈاکو حسیناؤں کا سراغ لگانے میں کامیاب نہ ہو سکی

بقیہ 37

دیا گیا۔ اس موقع پر خدیجہ شاہ کا چہرہ کپڑے سے ڈھانپا ہوا تھا۔ خدیجہ شاہ کو دو خواتین سمیت عدالت میں پیش کیا گیا۔ انسداد دہشتگردی عدالت نے خدیجہ شاہ کو 7 دن کے لیے پولیس کے حوالے کر دیا، خدیجہ شاہ کو شناخت پریڈ کے لیے پولیس کے حوالے کیا گیا۔ انسداد دہشتگردی عدالت نے شناخت پریڈ مکمل کر کے خدیجہ شاہ کو دوبارہ 30 مئی کو پیش کرنے کا حکم دیا۔ علاوہ ازیں عدالت نے خدیجہ شاہ کے شوہر کو بھی ان سے ملاقات کی اجازت دی۔ دوسری جانب لاہور ہائیکورٹ نے سابق وزیر خزانہ ڈاکٹر سلمان شاہ کی بیٹی معروف فیشن ڈیزائنر خدیجہ شاہ کی گرفتاری کے بعد ایف آئی آرز کی فراہمی کے لئے دائر درخواست پر 26 مئی کو پولیس سے مقدمات کا ریکارڈ طلب کرلیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ ملزمہ نے خود کو قانون کے حوالے کر دیا ہے تو ایف آئی آرز کا ریکارڈ فراہم کرنے میں کیا روکاوٹ ہے، عدالت نے حکم دیا کہ ایف آئی آرز کی تفصیلات مہیا کی جائیں تا کہ وہ اپنے لیے قانونی چارہ جوئی کر سکیں، جسٹس انوار الحق پنوں نے سابق وزیر خزانہ ڈاکٹر سلمان شاہ کی اپنے اور فیملی ممبرز کو ہراساں کرنے کے خلاف اور خدیجہ شاہ کے خلاف درج ایف آئی آرز کی فراہمی کے لیے دائر درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار سلمان شاہ کی جانب سے وکلا خواجہ احمد طارق رحیم اور اظہر صدیق پیش ہوئے اور عدالت کو بتایا کہ سابق وزیر خزانہ کی بیٹی خدیجہ شاہ نے گزشتہ روز گرفتاری دے دی ہے لیکن ابھی تک مقدمات کا ریکارڈ پیش نہیں کیا جارہا۔ عدالت نے حیرت کا اظہار کیا کہ اب ریکارڈ فراہم کرنے میں کیا رکاوٹ ہے۔ عدالت نے پولیس سے مقدمات کا ریکارڈ طلب کرتے ہوئے سماعت کل 26 مئی تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 38

میرے پاس ثبوت موجود ہیں کہ عمران ریاض کو جب جیل سے نکالا گیا تو شہر کی طرف منتقل کیا گیا۔ مجھے پولیس نے کہا تھا کہ عمران ریاض ایک بیان حلفی دیں جس میں وہ بتائیں کہ وہ نہ تو کسی قسم کے ہنگامہ آرائی کے واقعات میں ملوث ہیں اور نہ ہی میں آئندہ ارادہ رکھتے ہیں۔ میرے کہنے پر عمران ریاض نے یہ درخواست لکھی اور اس کے بعد انہیں نامعلوم مقام پر منتقل کیا گیا۔ مجھے پہلے ہی خدشہ تھا کہ عمران ریاض کو کہیں اور لے جایا جائے گا اس وجہ سے وقت پر کچھ لوگوں کو کہہ دیا تھا کہ عمران ریاض کی نقل وحرکت پر نظر رکھیں۔ عمران ریاض کو جس نامعلوم مقام پر لے جایا گیا اس کی ویڈیوز میرے پاس موجود ہیں، عمران ریاض کا آخری ٹریک ہم نے پاس رکھا۔ جب پولیس کو پتہ چلا کہ میرے پاس ویڈیوز موجود ہیں تو دوبارہ انہیں جیل لایا گیا۔ وکیل کی جانب سے سوال اٹھایا گیا کہ شام کے بعد کسی قیدی کو جیل سے رہا نہیں کیا جاسکتا تو پھر رات گئے عمران ریاض کو کس نے رہا کیا۔ اب عدالت کے سامنے کچھ ایسے شواہد لاؤں گا جس سے واضح ہوگا کہ پولیس اس تمام معاملے میں ایک پارٹی کا کردار ادا کر رہی تھی۔ میاں علی اشفاق نے دعویٰ کیا کہ آئی جی پنجاب کو عمران ریاض کی ایک ٹویٹ بھی ناگوار گزری تھی جس میں انہوں نے آئی جی پنجاب کی ایک ویڈیو شیئر کی تھی جس میں وہ مبینہ طور پر کہہ رہے تھے کہ اگر پولیس پر کوئی حملہ کرتا ہے تو اسے گولیاں ماری جائیں۔ آئی جی پنجاب نے ذاتی عناد کی بنا پر سہولت کاری کی۔

بقیہ 39

تحریری طور پر بیان دیں گے۔ سیکرٹری قومی اسمبلی تمام اراکین کی اسمبلی میں بیٹھنے کے اقدامات کریں۔ عدالت نے تحریک انصاف کے اراکین قومی اسمبلی کے مستعفی ہونے سے متعلق الیکشن کمیشن کا نوٹیفکیشن کالعدم قرار دے دیا تھا۔ قبل ازیں اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے پی ٹی آئی اراکین قومی اسمبلی کے استعفوں کے حوالے سے عدالتی فیصلے پر مشاورتی اجلاس کی صدارت کی ہے۔ اجلاس میں پی ٹی آئی اراکین کے استعفے قبول کرنے کے حوالے سے لاہور ہائی کورٹ کے فیصلے کا جائزہ لیا گیا۔ مشاورتی اجلاس میں وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، وزیر داخلہ رانا ثناءاللہ، وزیر دفاع خواجہ آصف، وزیر اقتصادی امور ایاز صادق کے علاوہ اٹارنی جنرل عرفان قادر، سیکرٹری قومی اسمبلی اور ایڈیشنل سیکرٹری قومی اسمبلی شریک تھے۔ ذرائع قومی اسمبلی کے مطابق لاہور ہائی کورٹ نے فیصلہ میں اسپیکر کی رولنگ کو ختم نہیں کیا ہے۔ قانونی ماہرین نے رائے دی کہ اسپیکر کی رولنگ کسی کورٹ میں چیلنج نہیں ہو سکتی۔ ذرائع کے مطابق اسپیکر راجہ پرویز اشرف نے لاہور ہائی کورٹ کے فیصلے کو سامنے رکھ کر حتمی رائے قائم کرلی، اسپیکر کو ابھی تک لاہور ہائی کورٹ کا فیصلہ سرکاری طور پر نہیں ملا۔ اسپیکر نے مختلف ذرائع سے ملنے والے فیصلے کی کاپی کو سامنے رکھ کر حتمی رائے قائم کی

بقیہ 40

عمل کروائی۔ عدالت نے سپلیمنٹری رپورٹ کی کاپی ملزمان کو فراہم کرنے کی ہدایت کردی۔ احتساب عدالت کے جج نے ریمارکس دیئے کہ آئندہ سماعت پر عدالت ریکارڈ کی بنیاد پر فرد جرم عائد کرنے کا جائزہ لے گی۔ عدالت نے منی لانڈرنگ ریفرنس پر سماعت 31 مئی تک ملتوی کردی

بقیہ 41

ہوا کہ شیخ رشید کو القادر ٹرسٹ کیس میں طلب کیا گیا، پولیس سابق وزیر داخلہ کی گرفتاری کیلئے چھاپے مار رہی ہے۔ نیب ذرائع کے مطابق شیخ رشید کے پیش نہ ہونے پر انہیں دوبارہ سمن جاری کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز چیئرمین تحریک انصاف عمران خان نیب راولپنڈی میں پیش ہوئے تھے، نیب نے 190 ملین پاؤنڈ سکینڈل کیس میں عمران خان سے پوچھ گچھ کی۔ نیب کی ٹیم نے 190 ملین پاؤنڈ سے متعلق عمران خان سے 20 سوالوں کے جوابات طلب کیے تھے نیب نے عمران خان کو برطانوی کرائم ایجنسی کے ساتھ خط و کتابت کا ریکارڈ طلب کیا

بقیہ 42

تعطیلات 6 جون سے شروع ہو کر 20 اگست تک رہیں گی۔ چھٹیوں کے دوران تمام سرکاری اور نجی تعلیمی ادارے بند رہیں گے۔ دوسری جانب صدر آل پاکستان پرائیویٹ اسکولز کاشف مرزا کا کہنا ہے کہ ملک بھر کے پرائیویٹ اسکولز میں 15 جون سے 14 اگست 2023 تک چھٹیاں ہوں گی۔ صوبہ سندھ میں بھی موسم گرما کی تعطیلات یکم جون سے 31 جولائی تک ہوں گی۔ اسی طرح بلوچستان میں بھی چھٹیوں کا اعلان کر دیا گیا۔ محکمہ تعلیم سکولز بلوچستان کے نوٹیفکیشن کے مطابق موسم گرما کی تعطیلات کے سلسلے میں تعلیمی ادارے یکم جون سے 13 اگست 2023 تک بند رہیں گے۔ یاد رہے کہ محکمہ تعلیم سندھ نے 3 ماہ کی چھٹیوں کا اعلان کر دیا۔ سندھ میں یکم جون سے اکتیس جولائی تک موسم گرما کی تعطیلات ہوں گی۔ سیکرٹری تعلیم سندھ نے تعطیلات کا نوٹیفکیشن جاری کیا۔ دو ماہ کی چھٹیاں اسٹیئرنگ کمیٹی کے فیصلے کے تحت دی جا رہی ہیں، گرمیوں کی تعطیلات کا اطلاق صوبہ بھر کے نجی و سرکاری تعلیمی اداروں پر ہوگا۔

بقیہ 43

رحیم اور اظہر صدیق ایڈووکیٹ کی وساطت سے درخواست دائر کی۔ درخواست گزار کے وکلاء نے موقف اختیار کیا کہ سابق وزیر خزانہ کی بیٹی خدیجہ شاہ نے گزشتہ روز گرفتاری دے دی ہے۔ عدالت نے استفسار کیا کہ اب ریکارڈ فراہم کرنے میں کیا رکاوٹ ہے۔ جس پر وکلاء نے کہا کہ یہ جواب نہیں دے رہے کہ اس ملک میں کیا نہیں ہو رہا۔ جس پر جسٹس انوار الحق پنوں نے ریمارکس دیئے کہ جو آج کر رہے ہیں کل بھگتیں گے یہ مکافات عمل ہے۔ عدالت نے سلمان شاہ اور ان کے خاندان کے افراد کے خلاف مقدمات کی تفصیلات طلب کرتے ہوئے سماعت 26 مئی تک ملتوی کر دی

بقیہ 44

عروج پر ہے۔ موت کے سوداگر یومیہ لاکھوں روپے کا دھندہ سرعام کر رہے ہیں، پولیس کو بھی منشیات فروشوں کی جانب سے پرکشش بھتہ دیا جاتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سندر میں 10 سے زائد مقامات پر پولیس کی سرپرستی میں منشیات فروشی، جسم فروشی، جوئے کا کاروبار جاری ہے جہاں بدنام زمانہ منشیات فروش اور انکے کارندے سرعام منشیات فروخت کرتے ہیں جبکہ ذرائع کا کہنا ہے کہ پولیس کے بااثر ایس ایچ او اور خدا بخش کے نام پر منشیات فروشی کے عوض ہزاروں اور ماہانہ لاکھوں روپے رشوت وصول کر رہے ہیں جس کے سبب تھانہ سندر کی حدود میں منشیات کا کاروبار زور و شور پر ہے۔ جہاں نوجوان نسل کو 5 سے زائد اقسام کا اشیائے نشہ فراہم کیا جاتا ہے۔ پولیس سرپرستی میں چلنے والی منشیات کی منڈی میں 5 کے لگ بھگ اقسام کا نشہ موجود ہے جس میں ہیروئن، آئس، چرس، افیون، شامل ہیں۔ سندر میں منشیات اور جوئے کے عادی افراد منشیات اور جوئے کے حصول کیلئے گھر کے برتن اور ماو?ں کے زیورات تک مارکیٹ میں نیلام کر دیتے ہیں۔ نسل نو منشیات کی با آسانی دستیابی کے باعث نشے کی لت میں مبتلا ہو رہی ہے، جس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ انہیں منشیات با آسانی مل جاتی ہے۔ مقامی افراد کا کہنا ہے کہ علاقے میں منشیات کا استعمال کرنے والے افراد کی تعداد روز بروز بڑھتی جا رہی ہے جبکہ دوسری جانب سندر پولیس کے اہلکار شاہی افسر کے نام پر محض وصولیوں میں مصروف ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ لاہور کے علاقے سندر تھانے کی حدود میں منشیات فروشوں کی طوطی بول رہی ہے ذرائع کا کہنا ہے سندر کا علاقہ منشیات کی سب سے بڑی منڈی میں تبدیل ہو چکا ہے، شہری منشیات فروشوں کے رحم وکرم پر ہیں ذرائع نے بتایا ہے کہ منشیات فروشی کا دھندا دن دگنی اور رات چوگنی ترقی کر رہا ہے پولیس سربراہان منشیات کی روک تھام کیلئے جتنی بھی کوششیں کرتے ہیں انہیں ایس ایچ او صاحب سب اچھا کی رپورٹ پیش کر دیتے ہیں جسکی وجہ سے آج تک جرائم پیشہ افراد کیخلاف مؤثر کارروائی ثابت نہیں ہوئیں، 15 سال سے لے کر 26 سال تک کے نوجوانوں کو موت کی پڑیاں با آسانی دستیاب ہیں اور موت کے سوداگر پولیس ادائیگیوں کی بنیاد پر بلاخوف وخطر اپنی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ جس صورتحال کے پیش نظر علاقہ بھر کی سیاسی، سماجی تنظیموں تاجر برادری اور فلاحی تنظیموں نے ڈی آئی جی آپریشن لاہور، سی سی پی او لاہور، آئی جی پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ تھانہ سندر کی حدود میں منشیات فروشی کی روک تھام کیلئے موثر ترین اقدامات کیے جائیں، جبکہ تھانے کے کرپٹ سینئر افسر سمیت پرانے بھیدی اہلکاروں کو فوراً تبدیل کیا جائے۔

بقیہ 45

5.24 فیصد تھی، ایک سال میں آؤٹ سٹینڈنگ ڈیپازٹس کیلئے ڈیپازٹس کی شرح میں 445 بیسس پوائنٹس کا اضافہ ہوا ہے، اپریل میں لینڈنگ ریٹس پر سپریڈ کی اوسط شرح 7.88 فیصد ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ سال اپریل میں 5.02 فیصد تھی۔ اعداد وشمار کے مطابق نئے کھاتوں (فریش ڈیپازٹس) کیلئے لینڈنگ کی شرح اپریل میں 21 فیصد ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ سال اپریل میں 11.78 فیصد تھی، ایک سال کی مدت میں لینڈنگ کی شرح میں 913 بیسس پوائنٹس کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، فریش ڈیپازٹس پر ڈیپازٹ کی شرح اپریل میں 10.96 فیصد ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ سال اپریل میں 5.78 فیصد تھی، ایک سال کی مدت میں ڈیپازٹ کی شرح میں 517 بیسس پوائنٹس کا اضافہ ہوا۔ فریش ڈیپازٹس کیلئے اپریل میں اوسط سپریڈ کی شرح 10.04 فیصد ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ سال اپریل میں 6.09 فیصد تھی۔

بقیہ 46

مرکزی رہنماؤں ریحان الحق اور اکرم کورایہ نے میڈیا سے بات چیت کے دوران کیا کہ بینکوں کو کاٹیج انڈسٹری اور دیہی صنعت کے فروغ کیلئے بھی قرضے جاری کرنے چاہئیں تاکہ غربت کے خاتمہ کیساتھ ساتھ روزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقع پیدا ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ایگرو بیسڈ مائیکرو انڈسٹری اور سمال انڈسٹری کے علاوہ زرعی ڈھانچے کی بہتری کیلئے بینکوں اور مائیکرو فنانس کے اداروں کو کم سے کم شرح سود پر قرضے جاری کرنے چاہئیں تاکہ دیہی علاقوں کے عوام کو روزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقع دستیاب ہو سکیں اور زرعی شعبہ و دیہی صنعت کی پیداواری صلاحیت میں اضافہ کرتے ہوئے ملکی برآمدات میں ترقی بھی ممکن بنائی جاسکے

بقیہ 47

کا واقعہ ذاتی دشمنی کا شاخسانہ معلوم ہوتا ہے۔ پولیس نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھا کر کے واقعے کی مختلف پہلوؤں پر تفتیش شروع کر دی ہے۔ عباسی شہید اسپتال میں موجود مقتول نوجوان کے پڑوسی کے مطابق مقتول نوجوان مزمل اپنے بڑے بھائی کی موٹر سائیکل اور اپنا موبائل فون لیکر گھر سے ڈبل روڈ کی جانب نکلا تھا کہ راستے میں 2 نامعلوم مسلح ملزمان نے اسے روکا اور نوجوان سے لوٹ مار کرنے کی کوشش کی، مسلح ملزمان نے موبائل فون چھیننے کے بعد موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کی، اس دوران نوجوان نے مزاحمت کی جس پر مسلح ملزمان سے ہاتھاپائی بھی ہوئی اور مسلح ملزمان نے فائرنگ کر دی۔ نوجوان کو دو گولیاں لگی اور موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا۔ مقتول نوجوان کے پڑوسی نے اعلیٰ پولیس افسران سے انصاف کا مطالبہ کیا ہے کہ نوجوان کے قتل میں ملوث ملزمان کو فی الفور گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے

بقیہ 48

ممکنہ شعبوں کی ترقی پر سرمایہ کاری کیلئے عزم کو واضح کرتا ہے۔ او جی ڈی سی ایل اور پی پی ایل دونوں کمپنیاں پاکستان میں توانائی کی صنعت کیلئے ثمرات کے بارے میں پرامید ہیں۔ اپنی اپنی مہارت اور وسائل سے فائدہ اٹھاتے ہوئے دونوں کمپنیوں کا مقصد شعبے کی ترقی میں کردار ادا کرنا ہے جس سے پاکستان کی معیشت اور عوام کو بالآخر فائدہ پہنچے گا۔

بقیہ 49

مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کارروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے، تھانہ جات میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 50

اسے زرعی صوبہ بنایا جا سکتا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا میں سمگل شدہ ہونے پر غیر قانونی ٹرانزیکشن کو بھی قانونی نظام میں لانے کی ضرورت ہے۔ اسمگلنگ کی جگہ ٹیکس دینے والے کاروباری افراد کے ساتھ سخت نا انصافی اور زیادتی ہے، بلکہ انہیں ٹیکسز کی ادائیگی کی شکل میں بہت زیادہ قیمت کی صورت میں بھاری خمیازہ بھگتنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں ٹیکسٹائل سیکٹر ملکی معیشت کے لیے بہت اہمیت کا حامل ہے، ٹیکسٹائل اور ملبوسات کی برآمدات پاکستان کی کل برآمدات کا 61 فیصد سے زیادہ ہیں اس لیے ٹیکسٹائل کے لیے سہولتیں اور مراعات ہونی چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ٹیکس اہداف کے لیے ایف بی آر کو آزاد کرے تا کہ ٹیکس مشینری نئے لوگوں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے لیے اقدامات کر سکے۔ ایف بی آر کے افسران کی تمام تر توجہ کسی نہ کسی طرح ہدف پورا کرنے پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں جس کی بہت ضرورت ہے، نئے موجودہ ٹیکس پیئرز پر دباؤ بڑھتا جا رہا ہے۔ ملک میں ٹیکس کلچر پروان نہیں چڑھ سکا۔ ٹیکسیشن نظام بشمول ایف بی آر اصلاحات وقت کی ضرورت ہیں۔

بقیہ 51

کا مطالبہ کر رہا ہے کہ بجٹ میں کسی شعبے کے لیے مختص فنڈز بجٹ منظور ہونے کے بعد دوبارہ کسی اور طرف منتقل نہ کیے جاسکیں۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کو قرض کی رقم الیکشن مہم میں استعمال ہونے کا خدشہ ہے، آئی ایم ایف چاہتا ہے کہ قرض کی رقم سیاسی فائدے کیلئے استعمال نہ ہو، آئی ایم ایف متوقع نگران حکومت کو معاہدے پر کاربند رہنے کی بھی ضمانت چاہتا ہے۔ ذرائع کے مطابق چین اور پاکستان کے درمیان بڑھتے ہوئے معاشی تعلقات بھی معاہدہ نہ ہونے کی ایک وجہ ہے۔

بقیہ 52

کا احترام ضروری ہے، میرے خیال میں لیول پلیئنگ فیلڈ ہونی چاہیے، اگر نہیں ہوا تو 15 جون تک ہو جائے گا اب سلیکشن ختم اور الیکشن ہونے چاہئیں

بقیہ 53

گروورز کو آپریٹو سوسائٹی پاکستان نے حسب سابق سٹال پر دو مشینیں لگا کر فری چپس ٹھنڈا پانی چائے قہوہ کا اہتمام کیا میلہ کا افتتاح ثاقب عطیل سیکریٹری زراعت جنوبی پنجاب نے سرفراز مگسی سیکریٹری اور دیگر اکابرین کے ہمراہ کیا اور کیک کاٹا وہ ہر سٹال پر بنفس نفیس گئے اور معلومات حاصل کیں کانفرنس میں سیکریٹری نے بتایا جنوبی پنجاب میں کاٹن کی کاشت کا ٹارگٹ پورا کیا جائے گا میلہ کے دوسرے دن افتخار سہو سیکریٹری زراعت پنجاب کمشنر ملتان عامر خٹک مہمان خصوصی تھے جو ہر سٹال پر گئے اور معلومات حاصل کیں

بقیہ 54

قانون کے تحت تشکیل دیا گیا؟ اٹارنی جنرل نے کہا کہ کمیشن انکوائری کمیشن ایکٹ 2016 کے تحت تشکیل دیا گیا۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ جن سے متعلق انکوائری کرنی ہے ان میں 2 بڑی عمر کی خواتین بھی شامل ہیں۔ اگر درخواست آئی تو کمیشن کارروائی کیلئے لاہور بھی جاسکتا ہے، اٹارنی جنرل کو کمیشن کیلئے آج ہی موبائل فون اور سم فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی، کمیشن کیلئے فراہم کردہ فون نمبر پبلک کیا جائے گا۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے انکوائری کمیشن کا دائرہ اختیار بھی واضح کر دیا۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ انکوائری کمیشن سپریم جوڈیشل کونسل نہیں، میں سپریم جوڈیشل کونسل کا بھی ممبر ہوں۔ ہم پر بھاری بوجھ ہے، تمام پیش ہونے والوں کو احترام دیا جائے گا، چاہتے ہیں کمیشن جلد اپنی کارروائی مکمل کرے۔

بقیہ 55

لے اڑے، پولیس شہر بھر کی ناکہ بندیوں کے باوجود سماج دشمن عناصر کے گروہوں کو پکڑنے میں کامیاب نہ ہو سکی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ بچیانہ کے علاقہ چک نمبر 559 گ ب کے نزدیک گزشتہ روز اڑھائی بجے دن کے قریب فیصل آباد سے والز آئس کریم کی سیل گاڑی آئس کریم سیل کرنے آ رہی تھی

بقیہ 56

راضی پر قبضہ کرنے کیلئے دھاوا بولا تھا اور اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کیا تھا جس پر اہلیان علاقہ و مدعی نے ایس پی ٹاؤن بلال سلہری کو شکایت اور تحریری درخواست پر ایس پی ٹاؤن بلال سلہری نے نوٹس لیتے ہوئے کارروائی تو دوران انکوائری کانسٹیبل کو حوالات میں بند اور مقدمہ درج کرنے کے احکامات جاری کیے گئے۔ ایس پی ٹاؤن بلال سلہری نے کہا کہ قبضہ مافیا کیخلاف روزانہ کی بنیاد پر بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔ کسی کو بھی اختیارات کا ناجائز استعمال اور شہریوں کی اراضی پر قبضہ کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی اہلیان علاقہ و مدعی نے ایس پی ٹاؤن بلال سلہری کو خراج تحسین پیش کیا

بقیہ 57

قرار دیتے ہوئے اسد عمر کو فوری رہا کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے اسد عمر نے پرتشدد احتجاج کا حصہ نہ بننے کا بیان حلفی جمع کرانے کا بھی حکم دیا۔ جسٹس گل حسن اورنگزیب نے ریمارکس دیئے کہ جب تک آپ پریس کانفرنس نہیں کریں گے تو آپ کو نہیں چھوڑیں گے، بابر اعوان نے جواب دیا کہ پریس کانفرنس تو ہم نہیں کریں گے۔ عدالت نے قرار دیا کہ اسد عمر کے نوٹس میں ہے وہ آرڈر فوراً ڈیلیٹ کروائیں، لیکن جب آپ کے حکم کی تعمیل نہیں ہو گی تو یہ خبر بھی آپ کو ملے گی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے دفعہ 144 کی خلاف ورزی نہ کرنے کا بیان حلفی جمع کرانے کا حکم دیا اور ریمارکس دیئے کہ اگر بیان حلفی کی خلاف ورزی کی تو اپنا سیاسی کیریئر بھول جائیں۔ جبکہ گزشتہ روز وائس چیئرمین پی ٹی آئی شاہ محمود قریشی اور مسرت جمشید چیمہ کو رہائی کے بعد دوبارہ گرفتار کرلیا گیا تھا۔ شاہ محمود قریشی کو اڈیالہ جیل سے رہائی کے بعد جیسے ہی باہر نکلے تو پولیس نے دوبارہ گرفتار کرلیا۔ شاہ محمود قریشی سے سوال کیا گیا کہ ''کیا آپ پی ٹی آئی چھوڑ رہے ہیں؟'' انہوں نے جواب میں کہا کہ پی ٹی آئی چھوڑ کر کہیں نہیں جا رہا، میں عمران خان کے ساتھ ہوں۔ یاد رہے کہ شیریں مزاری اور فیاض الحسن چوہان نے گزشتہ روز رہائی کے بعد پریس کانفرنس کے دوران پی ٹی آئی چھوڑنے کا اعلان کیا تھا

بقیہ 58

سے متعلق درخواست پر سماعت ہوئی، پولیس نے شاہ محمود قریشی کیخلاف درج 8 مقدمات کی رپورٹ عدالت میں جمع کرائی۔ پولیس رپورٹ میں بتایا گیا کہ شاہ محمود قریشی کیخلاف 6 مقدمات پرانے ہیں، 2 مقدمات 9 اور 10 مئی کو درج ہوئے۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے عدالت میں بتایا کہ شاہ محمود قریشی ڈی سی کے تحریری ایم پی او کے احکامات کے پیش نظر اڈیالہ جیل میں ہیں۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ عامر فاروق نے قرار دیا کہ

بقیہ 59

قید 38 سالہ علی رضا ہسپتال میں دوران علاج دم توڑ گیا، قلعہ گجر سنگھ لکشمی چوک کے قریب سے 2 نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد جاں بحق ہونے والے دونوں افراد نشے کی زیادتی کے باعث جاں بحق ہوئے جن کی شناخت نہیں ہو سکی۔ ایدھی رضا کاروں نے پولیس کارروائی کے بعد لاشیں مردہ خانے منتقل کردیں۔

بقیہ 60

کو چلانے کے لیے ائیر کنڈیشنرز کی ضرورت بھی نہیں رہتی۔ ترجمان انجینئرنگ کونسل نے بتایا کہ بجلی پر چلنے والی اے ٹی ایم مشینیں کم از کم 3 سے 4 لاکھ روپے کی سالانہ بجلی استعمال کرتی ہیں، پرانی مشینوں کی جگہ بائیو میٹرک نظام پر مشتمل مشینوں کی تنصیب بھی سودمند ثابت ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس کے علاوہ تمام موبائل فون کمپنیوں کو بھی ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے موبائل فون ٹاور متبادل توانائی کے نظام پر منتقل کریں تاکہ بجلی کی قلت پر قابو پانے میں مدد مل سکے لیکن نامعلوم وجوہ کی بنا پر اس پر عملدرآمد نہیں ہو سکا۔ ان کا کہنا تھا کہ جب تک متبادل توانائی کے ذرائع سے استفادہ نہیں کیا جاتا گیس اور بجلی کی قلت پر قابو پانے میں بھی خاطر خواہ کامیابی نہیں ہو سکتی۔

بقیہ 61

کیک کاٹا اہتمام کیا گیا تھا۔ شرکا نے تقریب کے بہترین انتظامات پر آصف محمود اور محمد اکرم کا بھی شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 62

کمرہ دوران تعمیر گرا۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 رینالہ خورد کی دو ایمبولینسز اور ریسکیو ادارہ کا عملہ ریسکیو وہیکل فوری جائے حادثہ کی طرف روانہ

بقیہ 63

ہونا روزمرہ کا معمول زندگی بن کر رہ گیا ہے۔ معروف سماجی شخصیت ملک ارشد اعوان، صدر مرکزی پریس کلب مانگا منڈی لاہور میاں محمد الیاس کا کہنا ہے کہ چند فرلانگ غیر قانونی یوٹرن کو علی گڑھ کالج کے گیٹ نمبر دو سامنے نہ بن گیا۔ غیر مناسب جگہ پر یوٹرن قائم ہونے کی وجہ سے پچھلے چند سالوں میں سکول آتے جاتے درجنوں بچے بوڑھے جوان اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔

بقیہ 64

کیا جا رہا ہے، میڈیا کا گلا گھونٹا جا رہا ہے جبکہ سوشل میڈیا کارکنان (ایکٹیوسٹس) کو ڈرانے دھمکانے کا سلسلہ بھی جاری ہے، انہوں نے کہا کہ اس یزیدیت کے سامنے سرنگوں ہونے کا مطلب بحیثیت قوم ہماری موت ہے، چنانچہ میں اپنے آخری دم تک مزاحمت کروں گا

جی 20 کے نام پر بھارت کا مقبوضہ کشمیر میں کھیل ناکام ہو گیا، حافظ طاہر محمود اشرفی

مصر، سعودی عرب، چین، ترکیہ اور انڈونیشیا کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ چیئرمین پاکستان علماء کونسل

چیئرمین پاکستان علماء کونسل نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر متنازع علاقہ ہے، وہاں اس طرح کا اجلاس عالمی قوانین کی خلاف ورزی ہے

لاہور (خبر نگار) پاکستان علماء کونسل کے چیئرمین حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ جی 20 کے نام پر بھارت کا مقبوضہ کشمیر میں کھیل مکمل ناکام ہو گیا۔ لاہور میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ مصر، سعودی عرب، چین، ترکیہ اور انڈونیشیا کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کو جی 20 کے اجلاس میں مکمل ناکامی ہوئی ہے، کسی بھی ملک کے اہم ذمہ دار نے اجلاس میں شرکت نہیں کی۔ حافظ طاہر محمود اشرفی کا کہنا ہے کہ مصر، سعودی عرب، چین، ترکیہ اور انڈونیشیا نے شرکت نہ کر کے واضح پیغام دیا ہے۔ چیئرمین پاکستان علماء کونسل نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر متنازع علاقہ ہے، وہاں اس طرح کا اجلاس عالمی قوانین کی خلاف ورزی ہے۔ کسی بھی ملک کے اہم ذمہ دار نے اجلاس میں شرکت نہیں کی۔ حافظ طاہر محمود اشرفی کا کہنا ہے کہ مصر، سعودی (بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد: پاکستان کو چیلنجز کا سامنا، کسی صورت ڈیفالٹ نہیں کرے گا، اسحاق ڈار

پارٹی چھوڑنے کیلئے شدید دباؤ ڈالا جا رہا ہے عمران خان کا ساتھ نہیں چھوڑوں گی، مسرت جمشید

پارٹی چھوڑنے کے لیے شدید دباؤ ڈالا جا رہا ہے مگر میں عمران خان کا ساتھ نہیں چھوڑوں گی، رہنما پی ٹی آئی

جیل میں جمشید چیمہ اور مسرت جمشید چیمہ کو علیحدہ بیرکوں میں رکھا گیا ہے جبکہ دونوں کو ملاقات بھی نہیں کرنے دی جا رہی، ذرائع

لاہور (خصوصی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے پارٹی چھوڑنے کی خبروں کی تردید کردی۔ میڈیا کو فیملی ذرائع سے ملنے والی اطلاع کے مطابق مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ اُن پر پارٹی چھوڑنے کے لیے شدید دباؤ ڈالا جا رہا ہے تاہم وہ تحریک انصاف سے علیحدگی کا کوئی ارادہ نہیں رکھتیں۔ فیملی ذرائع نے بتایا کہ جیل میں جمشید چیمہ اور مسرت جمشید چیمہ کو علیحدہ بیرکوں میں رکھا گیا ہے جبکہ دونوں کو ملاقات بھی نہیں کرنے دی جا رہی۔ مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ عمران خان کے ساتھ کھڑی ہوں اور پارٹی کا ساتھ نبھاؤں گی جبکہ جمشید اقبال چیمہ جیل سے باہر آنے کے بعد اپنے آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان خود کریں گے اور خود ہی مؤقف دیں گے۔ واضح رہے کہ جمشید چیمہ، مسرت جمشید چیمہ اور شاہ محمود قریشی کو گزشتہ روز عدالتی حکم پر اڈیا (بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد: انتخابات نظر ثانی کیس: ماضی کو حکومت کے خلاف استعمال نہیں کریں گے، چیف جسٹس

پی ٹی آئی کو خیر باد کہنے والے عثمان ترکئی پیپلز پارٹی میں شامل

بلاول بھٹو کا مشکور ہوں جنہوں نے پارٹی میں شمولیت کی دعوت دی

آج ہم اپنے گھر میں واپس آ گئے، سابق رکنِ قومی اسمبلی کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پی ٹی آئی چھوڑنے والے عثمان ترکئی پیپلز پارٹی میں شامل ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق سابق ایم این اے عثمان ترکئی نے وزیر مملکت فیصل کریم کنڈی کے ہمراہ پریس کانفرنس کی اور پیپلز پارٹی میں شمولیت کا اعلان کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو کا مشکور ہوں جنہوں نے پارٹی میں شمولیت کی دعوت دی، پی ٹی آئی چھوڑ کر پیپلز پارٹی میں آیا ہوں، ہم اپنے گھر میں آج واپس آ گئے۔ جبکہ وزیر مملکت فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ عثمان ترکی سمیت دیگر کارکنوں کو (بقیہ نمبر 31)

9 مئی کے حملوں کی تیاری 8 مئی کو کیے جانے کا انکشاف

پی ٹی آئی کی اعلیٰ قیادت اور بلوائیوں کے درمیان رابطوں کا انکشاف

حساس تنصیبات پر حملوں کا منصوبہ مبینہ طور پر 8 مئی کو زمان پارک میں تیار کیا گیا

لاہور (اسپیشل رپورٹر) سابق وزیراعظم عمران خان کی گرفتاری کے بعد ملک بھر میں 9 مئی کے حملوں کی تیاری 8 مئی کو کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے، حساس تنصیبات پر حملوں کا منصوبہ مبینہ طور پر 8 مئی کو زمان پارک میں تیار کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق جیو فینسنگ ریکارڈ کے ذریعے انکشاف ہوا ہے کہ حساس تنصیبات پر حملوں کا منصوبہ مبینہ طور پر 8 مئی کو زمان پارک میں تیار کیا گیا۔ 8 اور 9 مئی کو پی ٹی آئی قیادت اور بلوائیوں کے درمیان رابطوں سے متعلق چونکا دینے والا ریکارڈ سامنے آیا۔ ٹیکنیکل (بقیہ نمبر 32)

کراچی: عمران خان کو جو ریلیف ملے اس کے مقاصد سامنے آ رہے ہیں، شرجیل میمن

عدالت نے خدیجہ شاہ کو شناخت پریڈ کے لیے پولیس کے حوالے کر دیا

انسداد دہشتگردی عدالت کا شناخت پریڈ مکمل کر کے خدیجہ شاہ کو دوبارہ 30 مئی کو پیش کرنے کا حکم

لاہور (نیوز رپورٹر) جناح ہاؤس میں توڑ پھوڑ اور جلاؤ گھیراؤ کے کیس میں مطلوب پاکستان تحریک انصاف کی سپورٹر خدیجہ شاہ کو گزشتہ روز گرفتار کر لیا گیا تھا۔ پولیس کے مطابق خدیجہ شاہ سابق وزیر خزانہ سلمان شاہ کی صاحبزادی ہیں۔ پولیس کے مطابق خدیجہ شاہ جناح ہاؤس میں توڑ پھوڑ اور جلاؤ گھیراؤ کے کیس میں مطلوب تھیں۔ خدیجہ شاہ امریکی شہری ہیں اور انہوں نے کئی آڈیو پیغامات چھوڑے تھے جن میں انہوں نے کہا کہ وہ بے قصور ہیں۔ آج خدیجہ شاہ کو انسداد دہشت گردی عدالت پہنچا (بقیہ نمبر 37)

فیصل آباد، خوبرو دوشیزہ بچوں کو ٹیوشن پڑھانے کے بہانے شہری کا گھر لوٹ کر فرار

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) فیصل آباد مدینہ ٹاؤن میں خوبرو دوشیزہ بچوں کو ٹیوشن پڑھانے کے بہانے شہری کا گھر لوٹ کر فرار ہوگئی۔ مدینہ ٹاؤن کے رہائشی حسام نے پولیس رپورٹ میں بتایا کہ خوبرو لڑکیاں ان کے گھر آئیں اور والدہ کو بچوں کو ٹیوشن پڑھانے کے بہانے بات چیت کرنے لگیں اور اسکی والدہ کو باتوں میں لگا کر گھر میں لوٹ مار کرتے (بقیہ نمبر 36)

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی حسن وقار چیمہ کی خصوصی ہدایت

جس میں آر ڈبلیو ایم سی، ریسکیو 1122 اور دیگر ضلعی محکموں نے شرکت کی

راول ڈیم میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے پری فلڈ موک ایکسر سائز کا اہتمام کیا گیا

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی حسن وقار چیمہ کی خصوصی ہدایت پر راول ڈیم میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے پری فلڈ موک ایکسر سائز کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں آر ڈبلیو ایم سی، ریسکیو 1122 اور دیگر ضلعی محکموں نے شرکت کی، پری فلڈ ماک ایکسر سائز کا مقصد مون سون سے پہلے تمام محکموں کی صلاحیتوں کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ محکموں کی مجموعی صلاحیت کو مزید بہتر بنانا ہے۔ اس موقع پر آر ڈبلیو ایم سی کی سوشل موبلائزیشن اینڈ کمیونیکیشن ٹیم کی جانب سے آگاہی کیمپ بھی لگایا گیا، تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر راولپنڈی وقار حسن چیمہ کی ہدایت پر گزشتہ روز راول ڈیم کے مقام پر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے پری فلڈ موک ایکسر سائز کا اہتمام کیا گیا، جس میں آر ڈبلیو ایم سی، ریسکیو 1122 اور دیگر ضلعی محکموں نے شرکت کی، پری فلڈ موک ایکسر سائز کے دوران ریسکیو 1122 کی جانب سے خصوصی آپریشنل ایکسر سائز بھی کی گئی، تاکہ مون سون اور فلڈ کے دوران (بقیہ نمبر 35)

ڈسٹرکٹ جیل شیخوپورہ میں قیدیوں کو سہولت دینے کے لئے رشوت خوری کا انکشاف

شیخوپورہ (سٹی رپورٹر) ڈسٹرکٹ جیل شیخوپورہ میں قیدیوں کو سہولت دینے کے لئے رشوت خوری کا انکشاف وکالت نامے پر دستخط کرانے سپیشل ملاقات بحفاظت سامان قیدی تک پہنچانے کے ریٹ مقرر جبکہ رشوت نہ دینے والے اسیروں پر مختلف حیلے بہانوں سے تشدد معمول بن گیا ڈسٹرکٹ جیل شیخوپورہ سے رہا ہونیوالے قیدی سجاد علی نے (بقیہ نمبر 34)

کراچی میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے موٹر سائیکل مکینک قتل

مقتول نوجوان کی شناخت 22 سالہ مزمل ولد محمد حسین کے نام سے کی گئی

کراچی (سٹی رپورٹر) اورنگی ٹاؤن الطاف نگر میں نامعلوم مسلح ملزمان نے فائرنگ کر کے موٹر سائیکل مکینک نوجوان کو قتل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق منگھو پیر تھانے کے علاقے اورنگی ٹاؤن سیکٹر ساڑھے گیارہ الطاف نگر میں نامعلوم مسلح ملزمان نے فائرنگ کر کے موٹر سائیکل سوار نوجوان کو قتل کر دیا جس کی لاش ضابطے کی کارروائی کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کی گئی۔ مقتول نوجوان کی شناخت 22 سالہ مزمل ولد محمد حسین کے نام سے کی گئی۔ مقتول نوجوان اورنگی ٹاؤن الطاف نگر کا رہائشی اور موٹر سائیکل (بقیہ نمبر 33)

پنجاب کے تمام اسکولوں میں 2 ماہ کی بجائے اڑھائی ماہ کی تعطیلات کا اعلان

سیکرٹری تعلیم سندھا اکبر لغاری کے مطابق گرمیوں میں دو ماہ کی چھٹیاں اسٹیئرنگ کمیٹی کے فیصلے کے تحت دی جا رہی ہیں

موسم گرما کی تعطیلات 6 جون سے 20 اگست تک ہوں گی، چھٹیوں کے بعد نجی و سرکاری اسکول 21 اگست کو دوبارہ کھلیں گے

لاہور (خبر نگار) نگران پنجاب حکومت نے صوبے بھر کے تعلیمی اداروں میں دو ماہ کی بجائے اڑھائی ماہ کیلئے موسم گرما کی تعطیلات کا اعلان کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ تعلیم اسکولز پنجاب نے صوبے بھر کے تمام نجی و سرکاری تعلیمی اداروں میں چھٹیوں میں اضافے کے بعد اڑھائی ماہ کی تعطیلات کا مراسلہ جاری کر دیا ہے۔ مراسلے کے تحت پنجاب میں موسم گرما کی تعطیلات 6 جون سے 20 اگست 2023ء تک ہوں گی۔ چھٹیوں کے بعد نجی و سرکاری اسکول 21 اگست کو دوبارہ کھلیں گے۔ پنجاب بھر کے سکولوں میں چھٹیوں کے حوالے سے سیکرٹری اسکولز ایجوکیشن نے بتایا کہ موسم گرما کی (بقیہ نمبر 42)

اسلام آباد: تحریک انصاف پر پابندی لگانے کا جائزہ لے رہے ہیں، خواجہ آصف

190 ملین پاؤنڈ کا کیس، شیخ رشید کے پیش نہ ہونے پر دوبارہ سمن جاری کرنے کا فیصلہ

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) 190 ملین پاؤنڈ کا کیس، شیخ رشید کے وکیل نے تحریری جواب نیب میں جمع کرا دیا۔ تفصیلات کے مطابق سربراہ عوامی مسلم لیگ شیخ رشید 190 ملین پاؤنڈ کیس میں نیب راولپنڈی میں پیش نہ ہوئے، انہوں نے اپنا جواب وکیل کے ذریعے نیب راولپنڈی میں جمع کرا دیا۔ شیخ رشید کی جانب سے جواب جمع کرا گیا کہ نیب کا کوئی تحریری نوٹس نہیں ملا، میڈیا کے ذریعے معلوم (بقیہ نمبر 41)

نیب نے وزیراعظم کے داماد ہارون یوسف کو منی لانڈرنگ کیس میں بے قصور قرار دیدیا

لاہور (جنرل رپورٹر) قومی احتساب بیورو (نیب) نے وزیراعظم شہباز شریف کے داماد ہارون یوسف کو منی لانڈرنگ کیس میں بے قصور قرار دے دیا جبکہ عدالت نے ہارون یوسف کی جانب سے عبوری ضمانت کی درخواست واپس لینے کی بنیاد پر نمٹا دی۔ وزیراعظم شہباز شریف سمیت دیگر کے خلاف منی لانڈرنگ ریفرنس پر سماعت ہوئی۔ شہباز شریف کے نمائندے نے پیش ہو کر حاضری (بقیہ نمبر 40)

72 پی ٹی آئی اراکین اسمبلی سے متعلق اسپیکر اور الیکشن کمیشن کا استعفوں کا نوٹیفکیشن کالعدم قرار

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے تحریک انصاف کے اراکین کے استعفوں سے متعلق تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا۔ جسٹس شاہد کریم نے ریاض فتیانہ سمیت دیگر کی درخواستوں پر 25 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا۔ عدالت نے فیصلے میں کہا کہ اسپیکر استعفوں سے متعلق انکوائری مکمل کریں، ہر رکن کو 2 مواقع دیئے جائیں۔ اگر تحریک انصاف کا کوئی رکن انکوائری مکمل ہونے سے قبل اپنا استعفیٰ واپس لینا چاہے تو لے سکتا ہے۔ جسٹس شاہد کریم نے کہا تحریک انصاف کے اراکین سیکرٹری قومی اسمبلی کو (بقیہ نمبر 39)

عمران ریاض خیریت سے اور اللہ کی حفاظت میں ہیں، وکیل

عمران ریاض کو جس نامعلوم مقام پر گاڑیاں لے کر گئیں، میاں علی اشفاق

آئی جی پنجاب نے ذاتی عناد کی وجہ سے سہولت کاری کی۔ وکیل میاں علی اشفاق کا دعویٰ

لاہور (اسپیشل رپورٹر) صحافی عمران ریاض کے وکیل میاں علی اشفاق نے دعویٰ کیا ہے کہ عمران ریاض محفوظ ہیں۔ انہوں نے سیاست ڈاٹ پی کے سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ اللہ کا کرم ہے عمران ریاض اللہ کی خاص حفاظت میں اور خیریت سے ہے۔ عمران ریاض کو دو شہروں کے درمیان متعدد بار ٹرانسفر کیا، اس سے متعلق میرے پاس معلومات موجود ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ گزشتہ ڈیڑھ سال سے عمران ریاض کو اپنے طرزِ صحافت کی وجہ سے مخالفت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ عمران ریاض کسی کیس میں بھی مطلوب نہیں ہے۔ وہ حال ہی میں فیملی کے ہمراہ عمرہ کر کے بھی آئے تھے لیکن تب تو گرفتار نہیں کیا گیا۔ سیالکوٹ ائیرپورٹ سے گرفتاری کے بعد ایک جعلی قسم کی کہانی بنائی گئی اور نظر بندی کا حکم جاری کیا گیا۔ میاں علی اشفاق نے مزید بتایا کہ جب بھی کسی قیدی کو جیل بھیجا جاتا ہے تو اس کا مکمل طریقہ کار ہوتا ہے، ملزم کی تصویر بھی بنائی جاتی ہے، فنگر پرنٹس لیے جاتے ہیں۔ میاں علی اشفاق نے دعویٰ کیا کہ (بقیہ نمبر 38)

اسلام آباد: گرفتاری سے بچنے والوں کے نام ای سی ایل میں ڈالے جائیں، پولیس نے وزارت داخلہ کو درخواست دیدی

بینکوں کی جانب سے قرضہ لینے اور دینے پر عائد شرح منافع میں اضافہ

اوسط شرح 7.88 فیصد ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ سال اپریل میں 5.02 فیصد تھی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) بینکوں کی جانب سے قرضہ لینے اور دینے پر عائد شرح منافع (سپریڈ) میں اپریل کے دوران سالانہ بنیادوں پر اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ سٹیٹ بینک کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق اپریل میں آؤٹ سٹینڈنگ ڈیپازٹس کیلئے لینڈنگ ریٹس کی شرح 17.57 فیصد ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ سال اپریل میں 10.26 فیصد تھی، ایک سال کی مدت میں آؤٹ سٹینڈنگ ڈیپازٹس کیلئے لینڈنگ ریٹس کی شرح میں 721 بیسس پوائنٹس کا اضافہ ہوا ہے، اسی طرح آؤٹ سٹینڈنگ ڈیپازٹس کیلئے ڈیپازٹس کی شرح 9.69 فیصد ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ سال اپریل میں (بقیہ نمبر 45)

تھانہ سندر کا علاقہ جرائم پیشہ افراد کا گڑھ بن گیا

لاہور (جنرل رپورٹر) تھانہ سندر کے علاقے موہلنوال، جلیانہ پنڈ، بھائی کوٹ، رنگیل پور ہل گاؤں، سلطانکے گاؤں، دھپ سڑی گاؤں میں پولیس کی سرپرستی میں منشیات کا کاروبار (بقیہ نمبر 44)

جو آج کر رہے ہیں کل بھگتیں گے یہ مکافات عمل ہے، جسٹس انوار الحق

وکلاء/ اب ریکارڈ فراہم کرنے میں کیا رکاوٹ ہے، عدالت کا استفسار

لاہور (جنرل رپورٹر) سابق وزیر خزانہ سلمان شاہ اور ان کے خاندان کے خلاف درخواست پر سماعت کرتے ہوئے جسٹس انوار الحق پنوں نے ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ جو آج کر رہے ہیں کل بھگتیں گے، یہ مکافات عمل ہے۔ لاہور ہائیکورٹ میں جسٹس انوار الحق پنوں نے سابق وزیر خزانہ سلمان شاہ کی اہلیہ اور خاندان کے افراد کے خلاف درخواست پر سماعت کی۔ سلمان شاہ نے خواجہ طارق (بقیہ نمبر 43)

اسلام آباد: تحریک انصاف پر پابندی نہیں لگنی چاہیے، فیصل واوڈا

پاکستان کسان بورڈ کی ایگرو بیسڈ مائیکرو انڈسٹری کیلئے کم ترین شرح سود پر قرضے فراہم کرنے کی اپیل

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) پاکستان کسان بورڈ نے ایگرو بیسڈ مائیکرو انڈسٹری کیلئے کم ترین شرح سود پر قرضے فراہم کرنے کی اپیل کی ہے تا کہ زیادہ سے زیادہ زرعی اجناس پیدا کر کے غذائی خود کفالت کے اہداف کے حصول سمیت اضافی غذائی اجناس بیرون ممالک برآمد کر کے قیمتی زرمبادلہ بھی حاصل کیا جا سکے۔ کسان بورڈ کے (بقیہ نمبر 46)

کراچی میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے موٹر سائیکل مکینک قتل

مقتول نوجوان کی شناخت 22 سالہ مزمل ولد محمد حسین کے نام سے کی گئی

کراچی (کرائم رپورٹر) اورنگی ٹاؤن الطاف نگر میں نامعلوم مسلح ملزمان نے فائرنگ کر کے موٹر سائیکل مکینک نوجوان کو قتل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق منگھو پیر تھانے کے علاقے اورنگی ٹاؤن سیکٹر ساڑھے گیارہ الطاف نگر میں نامعلوم مسلح ملزمان نے فائرنگ کر کے موٹر سائیکل سوار نوجوان کو قتل کر دیا جس کی لاش ضابطے کی کارروائی کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کی گئی۔ مقتول نوجوان کی شناخت 22 سالہ مزمل ولد محمد حسین کے نام سے کی گئی۔ مقتول نوجوان اورنگی ٹاؤن الطاف نگر کا رہائشی اور موٹر سائیکل مکینک تھا اور مقتول کی الطاف نگر روڈ پر ہی موٹر سائیکل مکینک کی شاپ تھی۔ ایس ایچ او منگھو پیر ندیم (بقیہ نمبر 47)

OGDCL اور پی آر ایل کے درمیان توانائی کے شعبے میں ترقی کیلئے معاہدہ

دونوں کمپنیاں سرمایہ کاری کے موزوں مواقعوں کی نشاندہی اور ڈیٹا کے تبادلے کیلئے مل کر کام کریں گی

او جی ڈی سی ایل اور پی آر ایل دونوں کمپنیاں پاکستان میں توانائی کی صنعت کیلئے ثمرات کے بارے میں پر امید ہیں

اسلام آباد (خصوصی خبر نگار) آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (او جی ڈی سی ایل) نے پاکستان ریفائنری لمیٹڈ (پی آر ایل) کے ساتھ شراکت داری قائم کی ہے جس کا مقصد ممکنہ تعاون کے مواقعوں کی نشاندہی اور پاکستان میں توانائی کی صنعت میں دوطرفہ ترقی کو فروغ دینا ہے۔ دونوں کمپنیوں نے توانائی کی صنعت میں تعاون پر مبنی تعلقات قائم کرنے کیلئے معاہدے پر دستخط کئے۔ معاہدے کے تحت آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (او جی ڈی سی ایل) اور پاکستان ریفائنری لمیٹڈ تعاون اور اشتراک کے ممکنہ شعبوں کی نشاندہی کیلئے مذاکرات کا عمل شروع کریں گی۔ اس تذویراتی تعاون کے اہم پہلو میں او جی ڈی سی ایل کی بطور سرمایہ کار پی آر ایل میں ایکویٹی سرمایہ کاری کے ساتھ ساتھ بورڈ میں مناسب نمائندگی بھی شامل ہے، جس کا مقصد ریفائنری کی اپ گریڈیشن اور ترقی ہے۔ دونوں کمپنیاں سرمایہ کاری کے موزوں مواقعوں کی نشاندہی اور ڈیٹا کے تبادلے کیلئے مل کر کام کریں گی۔ فریقین معاہدہ کرنے سے پہلے کسی بھی مشترکہ سرمایہ کاری کے مواقع کے لیے کام کے ایک مخصوص دائرہ کار/ ٹی او آر کی وضاحت کرنے کے عزم کے ساتھ ایم او یو میں بیان کردہ مقاصد کو حاصل کرنے میں ایک دوسرے کی سہولت اور مدد بھی کریں گی۔ معاہدے کا مقصد او جی ڈی سی ایل اور پی آر ایل کی تعاون اور اشتراک کیلئے (بقیہ نمبر 48)

پاک فضائیہ کا پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید کو یوم تکریم شہدا پاکستان پر خراج عقیدت

20 اگست 1971 کے دن راشد منہاس کی قربانی سے ایک ناقابل فراموش داستان رقم ہوئی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان کے بہادر سپوت، اعلیٰ ترین فوجی اعزاز نشان حیدر پانے والے کمسن ترین پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید کو یوم تکریم شہدا پاکستان کے موقع پر خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے پاک فضائیہ کے شعبہ تعلقات عامہ نے ایک مختصر دستاویزی فلم جاری کر دی۔ 20 اگست 1971 کے دن راشد منہاس کی قربانی سے ایک ناقابل فراموش داستان رقم ہوئی۔ اس دن پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید نے اپنے انسٹرکٹر پائلٹ فلائیٹ لیفٹیننٹ مطیع الرحمان کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا جس نے انکے T-33 تربیتی طیارے کو ہائی جیک کر کے بھارت لے جانے کی کوشش کی۔ پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید نے جہاز کا کنٹرول واپس لینے کی بھرپور جدوجہد کی اور قبل ازیں کہ جہاز ملکی سرحد عبور کر جاتا اسے زمین بوس کرنے کو ترجیح دی۔ مٹی کے اس بہادر سپوت نیا اپنی جان مادر وطن پر قربان کر دی لیکن ملکی وقار پر آنچ تک نہیں آنے دی۔ راشد منہاس شہید کی اس عظیم قربانی اور ناقابل فراموش شجاعت کے اعتراف میں حکومت پاکستان نے انہیں ملک کے سب سے بڑے فوجی اعزاز نشان حیدر سے نوازا۔ راشد منہاس شہید ہماری آنے والی نوجوان نسل کیلئے مشعل راہ ہیں اور انکو شجاعت و قربانی کی علامت کے طور پر ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

اگر عدلیہ بھی آبدیدہ اور بے بس ہو گئی تو پھر ملک کا اللہ ہی وارث ہے، شیخ رشید

میرے خیال میں لیول پلیئنگ فیلڈ ہو چکا، نہیں ہوا تو 15 جون تک ہو جائے گا' سابق وزیر داخلہ

معلوم نہیں ڈالر کہاں پر رکے گا، مسئلہ اقتصادی ہے سازش کے تحت سیاسی بنا دیا گیا ہے تا کہ مصنوعی بجٹ پیش کیا جا سکے

لاہور (خبر نگار) سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ آج کل پریس کانفرنس نہیں پریشر کانفرنس ہو رہی ہیں، دو تین مہینے سسرال جیل کاٹنے سے قیامت نہیں آ جاتی، میں نے کلاشنکوف کے جھوٹے مقدمے میں 7 سال قید کاٹ کاٹی، کڑیاں والا قتل اور 2 مرتبہ ختم نبوت میں بھی سسرال گیا ہوں اور اب پھر جانے کو تیار ہوں، جب تک گرفتار نہیں ہوتا روزانہ ٹوئٹ جاری رہے گی۔ ٹوئٹر پر جاری اپنے بیان میں شیخ رشید نے کہا کہ معاشی اقتصادی سیاسی تباہی کا ملبہ موجودہ نااہل حکومت پر گرنا چاہیے کسی اور پر نہیں، پاکستانی روپیہ ٹکا ٹوکری ہو گیا ہے، معلوم نہیں ڈالر کہاں پر رکے گا، مسئلہ اقتصادی ہے سازش کے تحت سیاسی بنا دیا گیا ہے تا کہ مصنوعی بجٹ پیش کیا جا سکے، اگر عدلیہ بھی آبدیدہ اور بے بس ہو گئی تو پھر ملک کا اللہ ہی وارث ہے۔ انہوں نے کہا کہ جیل سے رہائی تحریری سیاسی توبہ کی مرہون منت ہے، ساری قوم 9 مئی کے واقعہ کی مذمت کرتی ہے اور ملزموں سے کوئی ہمدردی نہیں رکھتی لیکن چادر اور چار دیواری اور خواتین (بقیہ نمبر 52)

سماجی شخصیت چوہدری مقصود احمد جٹ کو گورنر پنجاب نے اعلیٰ کارکردگی پر ایوارڈ سے نوازا

اوکاڑہ (سٹی رپورٹر) محکمہ زراعت کی طرف سے سجائے گئے ملتان میں تین روزہ کسان میلہ میں زرعی ادویات، کھادیں، ٹریکٹر بیج کمپنیوں بینکس سرکاری اداروں نے سٹالز لگائے پوٹیٹو (بقیہ نمبر 53)

گورنر پنجاب سیکرٹریٹ میں سپرنٹنڈنٹ قمر الدین کی ریٹائرمنٹ کی تقریب کے موقع پر شرکا کا گروپ فوٹو

سپرنٹنڈنٹ قمر الدین کی ریٹائرمنٹ پر پروقار تقریب کا اہتمام

فرض شناس، محنتی اور ایماندار سرکاری ملازمین ہمارا اثاثہ ہیں، شاہد حسن اور محمد اصغر

لاہور (نبیلہ اکبر) گورنر پنجاب سیکرٹریٹ میں سپرنٹنڈنٹ سمری برانچ قمر الدین کی ریٹائرمنٹ پر ایک پر وقار تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے باؤ رفیق نے کہا کہ قمر الدین سے 40 سالہ رفاقت ہے، ان کو انتہائی محنتی اور ایماندار پایا۔ سیکشن آفیسر اسٹیبلشمنٹ شاہد حسن کا کہنا تھا کہ قمر الدین نے اپنی خدمات ہمیشہ بڑے احسن انداز میں نبھائیں۔ اس موقع پر گورنر سیکرٹریٹ کے سیکشن آفیسر ایڈمن اور اس تقریب کے مہمان خصوصی محمد اصغر نیئر کا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ باعزت ریٹائرمنٹ کسی اعزاز سے کم نہیں، نوکری قومی جذبہ سے سرشار ہو کر کی جائے تو عبادت کا درجہ رکھتی ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ قمر الدین کی خدمات کو مدتوں یاد رکھا جائے گا، انکا کردار محکمے کے کاموں میں کلیدی اہمیت کا حامل رہا اور آج ان کی ریٹائرمنٹ پر ہم ان کی خدمات پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ دوران تقریب قمر الدین پر ساتھی ملازمین کی جانب سے پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں اور دوستوں کی طرف سے تحائف پیش کئے گئے۔ اس موقع پر قمر الدین نے تمام آفیسران اور ساتھی ملازمین کا شکریہ ادا کیا ان کا کہنا تھا کہ آفسران وسٹاف کی لازوال محبتیں میری زندگی کا اثاثہ ہیں، محکمہ سے باعزت رخصتی سب سے بڑا اعزاز ہے۔ تقریب میں سپرنٹنڈنٹ ایڈمن آصف محمود، پرائیویٹ سیکرٹری محمد علی، صابر حسین، محمد اسود، طارق محمود، حافظ نعمان، رانا اعجاز، فہیم خان، محمد ثاقب، ڈگری برانچ سے محمد شاہد، محمد نذر اور قمر الدین کے بیٹوں سمیت گورنر پنجاب سیکرٹریٹ ملازمین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کے اختتام پر شرکا کے لئے پرتکلف (بقیہ نمبر 61)

رینالہ خورد کے نواحی علاقے میں کمرے کی چھت گر گئی، 3 مزدور جاں بحق

ریسکیو ٹیموں نے نعشوں کو ملبے تلے سے نکال کر لواحقین کے حوالے کر دیا۔ ریسکیو 1122

اوکاڑہ (جنرل رپورٹر) مطابق رینالہ خورد کے نواحی علاقے اسلام پورہ میں واقع گھر کی چھت گر گئی۔ ابتدائی معلومات کے مطابق کمرہ دوران تعمیر گرا۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 رینالہ خورد کی دو ایمبولینسز اور ریسکیو اوکاڑہ سے ریسکیو وہیکل فوری جائے حادثہ کی طرف روانہ۔ مطابق رینالہ خورد کے نواحی علاقے اسلام پورہ میں واقع گھر کی چھت گر گئی۔ ابتدائی معلومات کے مطابق (بقیہ نمبر 62)

وفاقی حکومت نے انکوائری کمیشن کو تحقیق طلب مبینہ آڈیوز فراہم کر دیں

فراد کے نام، عہدے، دستیاب رابطہ نمبرز اور دیگر تفصیلات بھی کمیشن کو فراہم کی گئیں۔

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) آڈیو لیکس کی تحقیقات کیلئے قائم انکوائری کمیشن کو مبینہ آڈیوز جمع کروا دی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت نے انکوائری کمیشن کو تحقیق طلب مبینہ آڈیوز کا ریکارڈ فراہم کر دیا ہے۔ آڈیوز کے ساتھ ٹرانسکرپٹ بھی مجاز افسر کے دستخط سے انکوائری کمیشن کو جمع کروا دیا گیا۔ حکومت کی جانب سے مجموعی طور پر 8 آڈیوز جمع کرائی گئیں، آڈیوز میں موجود افراد کے نام، عہدے، دستیاب رابطہ نمبرز اور دیگر تفصیلات بھی کمیشن کو فراہم کی گئیں۔ یاد رہے کہ آڈیو لیکس کی تحقیقات کیلئے وفاقی حکومت نے کمیشن تشکیل دیا تھا جس کا پہلا اجلاس جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں گزشتہ دنوں ہوا۔ اٹارنی جنرل عثمان منصور اعوان کمیشن میں پیش ہوئے۔ اجلاس کے دوران اٹارنی جنرل نے کمیشن کے نوٹیفکیشن کے ٹی او آرز اور اختیارات پڑھ کر سنائے۔ جوڈیشل کمیشن نے اپنا سیکرٹریٹ سپریم کورٹ میں قائم کیا۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے استفسار کیا کمیشن کس (بقیہ نمبر 54)

اے ٹی ایم مشینوں کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے سے کروڑوں روپے کی بجلی بچائی جا سکتی ہے، انجینئرنگ کونسل

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان انجینئرنگ کونسل نے کہا ہے کہ ملک بھر میں تمام اے ٹی ایم مشینوں کو شمسی توانائی پر منتقل کر دیا جائے تو اس سے سالانہ کروڑوں روپے کی بجلی کی بچت کی جا سکتی ہے، سولر انرجی کے ذریعے اے ٹی ایم مشینوں (بقیہ نمبر 60)

مانگا منڈی: یوٹرن خونی منظر پیش کرنے لگا، ملک ارشد اعوان

مانگا منڈی (نیوز رپورٹر) نیشنل ہائی وے احکام کو متعدد بار درخواستوں کی منظوری کے باوجود نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے ایف ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ کی عدم توجہ کا معاملہ چند فرلانگ دن وے کی خلاف ورزی کی وجہ سے مانگا منڈی علی گڑھ کالج کا یوٹرن خونی منظر پیش کرنے لگا آئے روز حادثات (بقیہ نمبر 63)

فیصل آباد شہر اور گرد و نواح مین ڈکیتی، چوری اور راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری

فیصل آباد (خصوصی رپورٹر) فیصل آباد شہر اور گرد و نواح مین ڈکیتی، چوری اور راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری، دن دیہاڑے ڈاکوؤں نے نجی کمپنی کی دو سیل مین کی گاڑیوں کو لوٹ لیا، ڈاکوؤں اور چوروں کے گروہوں نے 110 سے زائد وارداتوں کے دوران لاکھوں روپے مالیت کے زیورات' نقدی' قیمتی سامان' موبائل فونز اور موٹر سائیکلیں (بقیہ نمبر 55)

مختلف علاقوں لاشیں برآمد، بیگم کوٹ سے ہوٹل کے واش روم سے لاش برآمد

کوٹ لکھپت جیل کا قیدی دوران علاج ہسپتال میں دم توڑ گیا، نامعلوم لاشیں برآمد

لاہور (خبر نگار) صوبائی دارالحکومت کے مختلف علاقوں کوٹ لکھپت، قلعہ گجر سنگھ، سمن آباد، چوکی بیگم کوٹ کے علاقوں سے لاشیں برآمد ہوئی ہے۔ بیگم کوٹ سے ہوٹل کے واش روم سے لاش برآمد ہوئی جبکہ کوٹ لکھپت جیل کا قیدی ہسپتال میں دم توڑ گیا۔ ایدھی ترجمان کے مطابق بیگم کوٹ سے 50 سالہ عدیل کی ہوٹل کے واش روم سے لاش برآمد ہوئی۔ سمن آباد میں بیہوشی کی حالت میں ملنے والا 55 سالہ بزرگ شہری ہسپتال میں دم توڑ گیا جس کی شناخت نہیں ہو سکی۔ کوٹ لکھپت جیل میں (بقیہ نمبر 59)

ایڈیٹر انچیف۔۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

اربوں کی لیکج، اسمگلنگ ٹیکس اہداف پورے نہ ہونے کی بڑی وجوہات ہیں' جاوید مسعود طاہر بھٹی

لاہور (جنرل رپورٹر) اپیلٹ ٹربیونل ان لینڈ ریونیو کے سابق چیئرمین جاوید مسعود طاہر بھٹی نے کہا ہے کہ اربوں روپے کی لیکج اور اسمگلنگ ٹیکس اہداف پورے نہ ہونے کی بڑی وجوہات میں سے ایک ہیں، ملک میں جغرافیائی لحاظ سے ٹیکسز لگانے کی ضرورت ہے، بلوچستان میں کاروباری سرگرمیاں نہ ہونے کے برابر ہیں لیکن (بقیہ نمبر 50)

محمد عامر خان نیازی کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے

مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کارروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے، ایس ایس پی آپریشنز

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے احکامات پر قانونی کارروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس ایس پی آپریشنز نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ (بقیہ نمبر 49)

فیصل آباد، شہری کی اراضی پر قبضہ کرنے والا کانسٹیبل حوالات پہنچ گیا، مقدمہ بھی درج

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) فیصل آباد شہری کی اراضی پر قبضہ کرنے والا کانسٹیبل حوالات پہنچ گیا، مقدمہ بھی درج کر لیا گیا۔ تفصیلات کو بتایا گیا ہے کہ کانسٹیبل رفیق نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ تھانہ صدر کی حدود 54 گ ب میں ایک شہری کی ا (بقیہ نمبر 56)

شاہ محمود قریشی کیخلاف درج 8 مقدمات کی رپورٹ اسلام آباد ہائیکورٹ میں جمع

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) شاہ محمود قریشی پر درج مقدمات کی رپورٹ پولیس نے عدالت میں جمع کروا دی۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ میں وائس چیئرمین تحریک انصاف شاہ محمود قریشی پر درج مقدمات کی تفصیلات فراہمی (بقیہ نمبر 58)

اسد عمر کی گرفتاری کالعدم قرار، رہا کرنے کا حکم

عدالت نے اسد عمر کو پرتشدد احتجاج کا حصہ بننے کا بیان حلفی جمع کرانے کا بھی حکم دیا

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) اسلام آباد ہائیکورٹ نے اسد عمر کو رہا کرنے کا حکم دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ میں جنرل سیکرٹری پی ٹی آئی اسد عمر کے کیس کی تفصیلات فراہمی اور گرفتاری کیخلاف کیس کی سماعت ہوئی، اسد عمر کی جانب سے بابر اعوان ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے جنرل سیکرٹری پی ٹی آئی کی تھری ایم پی او کے تحت گرفتاری کو کالعدم (بقیہ نمبر 57)

خیر پور: شدید گرمی، بجلی کی بندش نے امتحان میں شریک طالبعلم کی جان لے لی

ہم جنگل کے قانون کی زد میں ہیں آخری دم تک مزاحمت کرونگا، عمران خان

میڈیا کا گلا گھونٹا جا چکا ہے جبکہ سوشل میڈیا کارکنان (ایکٹیویسٹس) کو ڈرانے دھمکانے کا سلسلہ بھی جاری ہے

پولیس کے ذریعے تحریک انصاف کو کچلنے کا سلسلہ جاری ہے اور ہمارے قائدین کو تحریک چھوڑنے پر مجبور کیا جا رہا ہے

لاہور (خصوصی رپورٹر) چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے کہا ہے کہ اس یزیدیت کے سامنے سرنگوں ہونے کا مطلب بحیثیت قوم ہماری موت ہے چنانچہ میں اپنے آخری دم تک (اس یزیدیت کیخلاف) مزاحمت کروں گا۔ شاہ محمود قریشی کی دوبارہ گرفتاری پر تنقید کرتے ہوئے عمران خان نے لکھا کہ تحریک انصاف کے کارکنان اور حمایتیوں کی طرح وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کو بھی ضمانت ملنے کے باوجود پھر سے گرفتار کر لیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب ہم پوری طرح جنگل کے قانون کی زد میں ہیں جہاں جس کی لاٹھی اس کی بھینس کا اصول ہی اصل دستور ہے جبکہ اس (لاقانونیت) کی راہ میں واحد رکاوٹ ہماری عدلیہ ہے۔ عمران خان نے کہا کہ عدالت عظمیٰ کے احکامات کے ساتھ آئین کو بھی نہایت بے رحمی اور ڈھٹائی سے روندا جا رہا ہے، پولیس کے ذریعے تحریک انصاف کو کچلنے کا سلسلہ جاری ہے اور ہمارے قائدین کو تحریک چھوڑنے پر مجبور کیا جا رہا ہے۔ سابق وزیراعظم نے کہا کہ انسانی حقوق کا خون سر عام (بقیہ نمبر 64)